آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 27 جولائی 2020ء بمطابق 06 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 205

ملک میں کرونا سے اموات میں 80 فیصد کمی آئی ہے، ڈاکٹر ظفر مرزا

بعض لوگ بیماری میں کمی سے متعلق شکوک وشبہات کا شکار ہیں تاہم اس کمی کا بین الاقوامی طور پر اعتراف کیا گیا ہے اور کسی کو شک وشبہ کا شکار نہیں ہونا چاہیے

قربانی اور گوشت کی تقسیم کے وقت لوگوں کا جمگھٹا نہ لگائیں، عوام سے درخواست ہے کہ اسے عام عید نہ سمجھیں بلکہ مختلف سمجھیں، احتیاطی تدابیر اختیار کریں

مثبت کیسز 23 فیصد سے کم ہو کر 6 فیصد پر آ گئے ہیں، عید پر میل ملاپ سے بیماری کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوتا ہے، لوگ انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، معاون خصوصی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ ملک میں کورونا سے اموات میں 80 فیصد کمی آئی ہے، مثبت کیسز 23 فیصد سے کم ہو کر 6 فیصد پر آ گئے ہیں، بعض لوگ بیماری میں کمی سے متعلق شکوک وشبہات کا شکار ہیں، کسی کو شک وشبہ کا شکار نہیں ہونا چاہیے، عید پر میل ملاپ سے بیماری کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوتا ہے، لوگ انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ اتوار کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں وبا کے پھیلاؤ میں بہت کمی آئی ہے جس پر اللہ کا بہت شکر ادا کرنا چاہیے، بعض لوگ بیماری میں کمی سے متعلق شکوک و شبہات کا شکار ہیں تا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

ظہر	4:24
عصر	2:00
مغرب	5:45
عشاء	7:12
	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان سے پی ٹی آئی کے رہنما مزاہد حسین کاظمی ملاقات کر رہے ہیں

جو وہ مرکز حکومت میں بلوچستان کو وہ ترقی کریگا جو پہلے کبھی نہیں کی ہے، ظہور بلیدی

ہر بننے والی حکومتوں کے خلاف ہم ہمیشہ سنتے آرہے ہیں کہ حکومت کل گئی حکومت آج ہی جائے گی مگر ایسا ہرگز نہیں ہے بہتر حکومت ہمیشہ اپنی پانچ سالہ آئینی مدت پوری کرتی ہے

جگہ جگہ وہ ترقیاتی کام ہو رہے ہیں جو سب کو نظر آرہے ہیں اور عوامی مفادات کو مدنظر رکھ کر اسکیمات فراہم کر رہے ہیں کرونا وائرس کے کیسز میں کمی آ گئی ہے انشاء اللہ جلد کرونا وائرس کا خاتمہ ہو جائیگا

حکومت بلوچستان کے بہترین اقدام کی وجہ سے حالات بہتر سمت کی جانب گامزن ہیں محکمہ خزانہ میں سائلین کے مسائل فوری طور پر حل ہو رہے ہیں، صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان

اوتھل (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ ہر بننے والی حکومتوں کے خلاف ہم ہمیشہ سنتے آرہے کہ حکومت کل گئی حکومت آج ہی جائے گی مگر ایسا ہرگز نہیں ہے، بہتر حکومت ہمیشہ اپنی پانچ سالہ آئینی مدت پوری کرتی ہے اسی طرح موجودہ حکومت کے خلاف بھی اپوزیشن کے جانب سے یہی باتیں سننے کو مل رہی کہ حکومت آج جائے گی کل جائے گی لیکن موجودہ حکومت الحمدللہ اپنی پانچ سالہ مدت پوری کریگی اور موجودہ حکومت کے دور میں بلوچستان وہ ترقی کریگا جو پہلے کبھی نہیں کی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام میر کمال خان بہتر انداز میں حکومت چلا رہے ہیں جگہ جگہ وہ ترقیاتی کام ہو رہے ہیں جو سب کو نظر آرہے ہیں اور عوامی مفادات کو مدنظر رکھ کر اسکیمات فراہم کر رہے ہیں کرونا وائرس کے کیسز میں کمی آ گئی ہے انشاء اللہ جلد کرونا وائرس کا خاتمہ ہو جائیگا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

پاکستان میں اسلام کو نہ ٹک ٹاک سے خطرہ ہے نہ کتابوں سے، فواد چوہدری

ہمیں فرقہ ورانہ بنیادوں پر تقسیم اور شدت پسندی سے خطرہ ہے، وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس اور ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میں اسلام کو نہ ٹک ٹاک سے خطرہ ہے اور نہ کتابوں سے۔ فواد چوہدری نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اس وقت پارلیمان خصوصاً پنجاب میں ایسا ماحول بنا دیا گیا ہے کہ ہر مہر و زانی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے، منیر اکرم

بھارت میں بھی دہشت گرد موجود ہیں، بھارت سری لنکا میں بھی دہشت گردی کرا رہا ہے، اب اس کا جواب دینا ہوگا، گفتگو

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے بھارتی دہشت گردی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی کا سعودی ہم منصب کو ٹیلیفون، کرونا پر گفتگو، پاکستانی وزیر خارجہ نے سعودی فرمانروا کی صحت بارے دریافت کیا

دونوں وزرائے خارجہ کا کرونا وبائی صورتحال سمیت اہم علاقائی دوطرفہ امور پر باہمی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے اپنے سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود سے ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں کرونا وبائی صورتحال سمیت دوطرفہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اتوار کو ہونے والے ٹیلیفونک رابطہ میں وزیر خارجہ نے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

قلات صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو بابو محلہ میں یوسف وٹیل کا افتتاح کر رہے ہیں

خوش نصیب عازمین حج مکہ المکرمہ پہنچنے لگے، حجاج کرام منیٰ روانگی سے قبل مکہ مکرمہ میں 8 ذی الحج تک قرنطینہ میں رہیں گے

مکہ مکرمہ (این این آئی) حج کی سعادت حاصل کرنے کیلئے خوش نصیب عازمین حج سعودی عرب کے مختلف شہروں سے مکہ المکرمہ پہنچنے لگے ہیں۔ عازمین حج مدینہ منورہ، ریاض، جدہ اور جازان سے مکہ المکرمہ پہنچے۔ حجاج کرام منیٰ روانگی سے قبل مکہ مکرمہ میں 8 ذی الحج تک قرنطینہ میں رہیں گے۔ وزارت حج وعمرہ کی ہدایت پر عازمین

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

علماء کرام سے رہنمائی لینے سے ملک کے مسائل حل ہو جائیں گے، پیر نور الحق قادری

کورونا وائرس کا پھیلاؤ روکنے کے لیے علماء نے کورونا ایس او پیز پر عمل درآمد کر کے نمایاں کردار ادا کیا

علماء اور حکمران اگر اصلاح کی کوشش کریں تو سب ٹھیک ہو سکتا ہے، وفاقی وزیر کا تقریب سے خطاب

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور پیر نور الحق قادری نے کہا ہے کہ کئی مسائل علماء سے رہنمائی لینے سے حل ہو جائیں گے، علماء اور حکمران اگر اصلاح کی کوشش کریں تو سب ٹھیک ہو سکتا ہے۔ اتوار کو تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نور الحق قادری نے کہا کہ علماء اور حکمران اگر اصلاح کی کوشش کریں تو سب ٹھیک ہو سکتا ہے اور اگر علماء کی رہنمائی کے لیے پالیسیاں بنائی جائیں تو نتائج بہتر ہو سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 40 سال سے ملک کو تباہ کرنے کی کوشش کی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

جنوبی بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر نئے سرے سے صورت بدل دیں گی، عاصم سلیم باجوہ

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ نے کہا ہے کہ جنوبی بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر نئے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

خضدار میں ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

خضدار (این این آئی) خضدار میں ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق، اور ایک زخمی ہو گیا۔ آمدہ اطلاعات کے مطابق وڈھ لیویز

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں بائی وے قلعہ شیرک کے قریب ٹریفک حادثہ خاتون سمیت 4 افراد زخمی

ژوب (این این آئی) کوئٹہ میں بائی وے قلعہ شیرک کے قریب ٹریفک حادثہ خاتون سمیت 4 افراد زخمی پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی ذوالفقار علی کرار نے لیویز لائن ڈیرہ بگٹی اور لیویز تھانہ ڈیرہ بگٹی کا دورہ کیا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی ذوالفقار علی کرار نے لیویز لائن ڈیرہ بگٹی اور لیویز تھانہ ڈیرہ بگٹی کا دورہ کیا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاک بھارتی پانڈو سیکٹر میں گھسنے والا بھارتی ڈرون جاسوس مار گرایا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے لائن آف کنٹرول کیساتھ پانڈو سیکٹر میں گھسنے والا بھارتی ڈرون جاسوس مار گرایا۔ اتوار

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وفاق نے مولانا فضل الرحمن کے بھائی کو ڈپوٹیشن پر بھیجا، پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا ہے کہ وفاق نے مولانا فضل الرحمن کے بھائی کو ڈپوٹیشن پر بھیجا، پیپلز

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

قانون سازی کے معاملے پر اپوزیشن اور حکومت کے درمیان مذاکرات (آج) ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) قانون سازی کے معاملے پر اپوزیشن اور حکومت کے درمیان مذاکرات (آج) ہونگے۔ وزیر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اربوں روپے کا الزام لگاتے وقت صفروں کا ضرور خیال رکھا جائے، شجاعت حسین

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ و سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ کئی مرتبہ کہہ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بلوں بھٹو جو سوالات ہم سے کر رہے ہیں وہ اپنے والد ہی سے پوچھ لیں، شبلی فراز

کورونا کی وجہ سے لاک ڈاؤن کی بات کرنے والوں نے ہمیشہ غریبوں کا خون چوسا ہے، کورونا کی وجہ سے حکومت نے درمیانی راستہ اختیار کیا

وزیر اعظم لاک ڈاؤن کیلئے دباؤ کے باوجود اپنے فیصلے سے پیچھے نہیں ہٹے، اسمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی کو دنیا بھر میں پذیرائی ملی، وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ ایف اے ٹی ایف کے بل کی منظوری کے ساتھ اپوزیشن نیب کا بل بھی منظور کروانا چاہتی ہے۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ نیب قوانین سے متعلق اپوزیشن صرف اپنے لیے بات کر رہی ہے تاکہ بچت کا راستہ نکل سکے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ میں خود مطلق کا ممبر ہوں جس میں اپوزیشن جماعتوں کے اراکین نے ایف اے ٹی ایف بل کی منظوری کے لیے نیب بل کی شرط رکھی، دراصل فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (ایف اے ٹی ایف) بل پر اپوزیشن ڈیل کر کے نیب بل بھی منظور کروانا چاہتی ہے۔ شبلی فراز کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

علی امین گنڈاپور سے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل آزاد کشمیر راجہ منصور خان کی ملاقات

آئندہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں عوام کی طاقت سے تحریک انصاف حکومت میں آئے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور سے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل آزاد کشمیر راجہ منصور خان نے ملاقات کی جس میں آزاد کشمیر کی سیاسی صورت حال آئندہ آنے والے الیکشن اور مقبوضہ کشمیر کی تیزی سے بدلتی ہوئی صورت حال پر تبادلہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت صوبے میں امن وامان قائم ہوا ہے، نور محمد دمڑ

پاک فوج سمیت دیگر سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت صوبے میں امن وامان قائم ہوا ہے

پاک فوج اور دیگر فورسز نے ملک دشمنوں کی کمر توڑ دیا ہے اب کچے پکے دہشتگرد چوری چھپکے سے حملے کر رہے ہیں، صوبائی وزیر

برہانی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر خانی نور محمد خان دمڑ نے تربت کے علاقے میں فورسز کی گشت کی گاڑیوں پر دہشتگردوں کی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعہ میں فورسز کے اہلکار شہادت اور تین کے زخمیوں ہونے پر شدید اور افسوس ہوا پاک فوج سمیت دیگر سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت صوبے میں امن وامان قائم ہوا ہے پاک فوج اور دیگر فورسز نے ملک دشمنوں کی کمر توڑ دیا ہے اب کچے پکے دہشتگرد چوری چھپکے سے حملے کر رہے ہیں پاک فوج اور دیگر سیکورٹی ادارے، حکومت اور عوام ایک پیج پر ہے ملک اور صوبے سے آخر دہشتگرد کے خاتمے تک انکا پیچھا کرینگے انہوں نے شہید کے خمزادہ خاندان سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ 25 جولائی 2018 قوم کے لئے نجات کا دن تھا 25 جولائی 2018 ذہنی غلامی سے آزادی اور کرپٹ مافیا سے نجات کا دن تھا قوم نے ملک وقوت کی پرچی کے ذریعے کرپٹ مافیاں کو شکست سے دوچار کر کے انہیں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

غلط پالیسیوں کے باعث اس وقت ملک میں جمہوریت ہی کمزور نہیں، عوامی نیشنل پارٹی

اس راہ میں جان ومال کی قربانیاں دیں اور قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں

نورالائی (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک میں جمہوریت کے فروغ و استحکام اور جمہوری اداروں کی مضبوطی کے لئے سیاسی قیادت کو جاری جدوجہد تیز کرنے کی ضرورت ہے غلط پالیسیوں کے باعث اس وقت ملک میں جمہوریت ہی کمزور نہیں بلکہ معیشت بھی تلخی تاریخ کی کمزور ترین پوزیشن پر آ چکی ہے، انجمن اصلاح الافاغنہ سے لے کر عوامی نیشنل پارٹی کی موجودہ قیادت تک اے این پی قائدین اور کارکنوں نے پشتونوں کے مسائل کے حل اور جمہوریت کے استحکام کے لئے ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے اور اس راہ میں جان ومال کی قربانیاں دیں اور قید وبند کی صعوبتیں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

پاک فوج کی جانب سے گرایا جانیوالا بھارتی ڈرون

ضلع کرم کے سرحدی علاقے میں بارودی سرنگوں کے دو دھماکوں میں تین ایف سی اہلکار زخمی

کرم (این این آئی) ضلع کرم کے سرحدی علاقے میں بارودی سرنگوں کے دو دھماکوں میں تین ایف سی اہلکار زخمی ہو گئے زخمیوں کو پاراچنار میں طبی امداد دینے کے بعد ایم ایچ ٹی منتقل کر دیا گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ضلع کرم میں پاک افغان سرحدی علاقہ کوٹ رانہ میں اسد شہید چیک پوسٹ کے قریب کے بعد دیگر بارودی سرنگوں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

عید الاضحیٰ اپنے خوشیوں میں غریب اور نادار لوگوں کو بھی شامل کیا جائے، عمر خان جمالی

عید الاضحیٰ سنت ابراہیمی پر عمل، اپنے جان ومال کا صدقہ دیکر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا درس دیتی ہے

حقیقی خوشی تب ملتی ہے جب انسان دوسرے انسان کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کرتا، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کا بیان

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی نے کہا ہے کہ عید الاضحیٰ ہمیں سنت ابراہیمی پر عمل کرتے ہوئے اپنے جان ومال کا صدقہ دیکر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا درس دیتا ہے اس تہوار پر اپنے خوشیوں میں ان غریب اور نادار لوگوں کو بھی شامل کیا جائے جو سالہا سال ایسے تہواروں کو دیکھتے تو ہیں مگر منا نہیں سکتے عید الاضحیٰ کے متعلق جاری اپنے بیان میں انکا کہنا تھا کہ حقیقی خوشی تب ملتی ہے جب انسان دوسرے انسان کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کرتا ہے ہمیں ایسے لوگوں کو ہرگز نہیں بھولنا چاہیے جنہیں مذہبی تہوار پر ہماری ضرورت ہوتی ہے میر عمر خان جمالی کا کہنا تھا کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر احتیاطی تدابیر اور حکومتی ایس او پیز کا بھی عمل خیال رکھا جائے کیونکہ کورونا وائرس کا پھیلاؤ کم ہوا ہے لیکن وائرس مکمل طور ختم نہیں ہوا ہے باوجود گھر سے نکلنے رش کے مقامات پر جانے اور غیر ضروری میل ملاپ سے پرہیز کیا جائے احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کرنے سے کورونا وائرس پھیلنے کا اندیشہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بنگلہ دیش کا جھکاؤ پاکستان اور چین کی جانب بڑھنے لگا، بھارت پریشان

وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد نے بھارتی ہائی کمشنر کی متعدد درخواستوں کے باوجود ہفتوں ان سے ملاقات نہیں کی جو کئی بڑی تبدیلی سے کم نہیں

بھارتی تنقید کے باوجود بنگلہ دیش نے سلہٹ میں ایئرپورٹ ٹرمینل بنانے کا ٹھیکہ ایک چینی کمپنی کو دیا، پاکستان سے بھی قربتیں بڑھنے لگیں

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کے ایک معروف اخبار کا کہنا ہے کہ وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد نے بھارتی ہائی کمشنر کی متعدد درخواستوں کے باوجود ان سے ملاقات نہیں کی جو نئی دہلی کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہونے اور قریبی تعلقات پاکستان اور چین کی جانب متنفل ہونے کا اشارہ دیتے ہیں۔ بھارتی اخبار دی ہندو نے بنگلہ دیش کے ایک معروف اخبار بھوریر کا گونج کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ 2019 میں وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کے دوبارہ منتخب ہونے کے بعد تمام بھارتی منصوبے سست روی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پاکستان اس وقت مشکل حالت میں ہے، وزیر اعظم کو سخت فیصلے کرنا پڑ رہے ہیں، عثمان ڈار

آٹا چینی مافیا کی انکوائری ہو رہی ہیں جب کینسر کا علاج کیا جاتا ہے تو پورے جسم میں درد ہوتا ہے سب مافیا کو اپنے کیسز کا سامنا ہے

حکومت ٹائیگر فورس کے نوجوانوں کو آسان شرائط پر قرضے بغیر کسی ضمانت کے دے گی، اگلے ماہ یوتھ انٹرنیٹ کا دوسرا فیز شروع ہوگا، کنونشن سے خطاب

نارووال (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی یوتھ انٹرنیٹ عثمان ڈار نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان عمران اور ان کی طرف سے ٹائیگر فورس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جو بطیر معاوضہ کے خدمت کر رہے ہیں جس جذبے عزم کے ساتھ ٹائیگر فورس نے وزیر اعظم عمران خان کا ساتھ دیا ہے جب تاریخ لکھی جائے گی ٹائیگر فورس کا نام سنہری حروف سے لکھا جائے گا، ٹائیگر فورس کے بہادر بیٹے اور بیٹیاں پاکستان کے ہر مسئلہ میں اپنا کردار ادا کریں گے، موبائل ایپ کے ذریعے ٹائیگر فورس ہر ضلع کی یونین کونسل میں کام کرتے نظر آ رہے ہیں اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ٹائیگر فورس ممبران کو تعریفی سرٹیفکیٹ بھی دیا جائے گا، ٹائیگر فورس کے نوجوان اس ملک کا مستقبل ہیں عمران خان نے ٹائیگر فورس کو پاکستان کا قیمتی اثاثہ قرار دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ڈیری فارمز مالکان نے کوئٹہ شہر میں دودھ کی قیمتوں کو 15 سے 20 روپے تک بڑھانے کی تیاریاں کر لیں

یکم اگست سے دودھ کے ہول سیل نرخ بڑھا کر 112 روپے مقرر کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) ڈیری فارمز مالکان نے کوئٹہ شہر میں دودھ کی قیمتوں کو 15 سے 20 روپے تک بڑھانے کی تیاریاں کر لیں، یکم اگست سے دودھ کے ہول سیل نرخ بڑھا کر 112 روپے مقرر کرنے کا فیصلہ، گھریلو صارفین کو 122 روپے کا فروخت کیا جائے گا، انتظامیہ کے ساتھ گفت وشنید کر لیا گیا، باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ ڈیری فارم مالکان نے دودھ کے نرخ 94 روپے سے بڑھا کر 112 روپے فی لیٹر کرنے کی تیاریاں کر لی ہیں اس حوالے سے ڈیری فارم مالکان نے انتظامیہ کے کچھ اہلکاروں کی پشت پناہی بھی حاصل کر لی ہے۔

خضدار پاک سرزمین پارٹی ضلع خضدار کے زیر اہتمام جعلی ڈومیسائل کیخلاف خضدار پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 23 کیس رپورٹ

اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11601 جبکہ ایکٹو مریضوں کی تعداد 1500 سے کم ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 23 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11601 جبکہ ایکٹو مریضوں کی تعداد 1500 سے کم ہو گئی، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق اتوار کو صوبے کے تین اضلاع سے کورونا وائرس کے مزید 23 کیس رپورٹ ہوئے جس کے بعد صوبے میں اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11601 ہو گئی جبکہ مزید 75 افراد کے صحت یاب ہونے کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

PTI کے آدھے اراکین اسمبلی ان کی پارٹی سے رابطے میں ہیں، احسن اقبال کا دعویٰ

اگلے الیکشن میں تحریک انصاف کی ٹکٹ جنت کی نہیں، جہنم کی ٹکٹ ہوگی تو اس لیے وہ سب اس کشتی سے چھلانگ لگانا چاہتے ہیں

اس میں کوئی کسی کے لیے گارنٹی نہیں، ہر جماعت خود اپنے لیے ایک گارنٹی کی حیثیت رکھتی ہے، سابق وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وزیر داخلہ احسن اقبال نے دعویٰ کیا ہے کہ ملک بھر سے پاکستان تحریک انصاف کے آدھے اراکین اسمبلی ان کی پارٹی سے رابطے میں ہیں تاکہ ان کی جماعت اگلے الیکشن میں انہیں ٹکٹ دے سکے۔ ایک انٹرویو میں مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما نے کہا کہ ہر رکن قومی اسمبلی کو نظر آ رہا ہے کہ اگلے الیکشن میں تحریک انصاف کی ٹکٹ جنت کی نہیں، جہنم کی ٹکٹ ہو گی تو اس لیے وہ سب اس کشتی سے چھلانگ لگانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ آدھی تحریک انصاف اب کسی نہ کسی طرح رابطے کر رہی ہے کہ ہمارے لیے کوئی جگہ بنائیں اگلے الیکشن میں اگر ہم شامل ہوں، ہمیں ٹکٹ کی گارنٹی دیں لیکن ہم ابھی کسی کو ہاتھ نہیں پکڑا رہے۔ انہوں نے کہا کہ اتنی قربانی دینے کے بعد اگر ہم دوبارہ لوٹوں کو پاک

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

چیئرمین نیب کا مقدمات نمٹانے سے متعلق بیان نااہلی اور ناکامی کا اعتراف ہے، نفیسہ شاہ

نیب نے اپوزیشن رہنماؤں پر کروڑوں روپے کی کرپشن کے جھوٹے الزامات لگائے، جو عدالت کو ثابت نہیں کر سکی، سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی

انتقامی کارروائی کا نشانہ بننے والے سینیٹر سلطان خورشید شاہ سمیت نیب کے بے بنیاد الزامات میں قید کاٹنے والوں کو فوری رہا کیا جائے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین نیب کے مقدمات نمٹانے سے متعلق بیان پر پیپلز پارٹی کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے کہا ہے کہ چیئرمین نیب کا مقدمات نمٹانے سے متعلق بیان نااہلی اور ناکامی کا اعتراف ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مقررہ وقت میں کیسز نہ نمٹانا اپوزیشن کا میڈیا ٹرائل کرنے کا منہ بولتا ثبوت ہے، سپریم کورٹ میں جمع کرائی گئی رپورٹ سے واضح ہوتا ہے کہ نیب کا مقصد صرف اپوزیشن رہنماؤں کی تضحیک کرنا ہے۔ نفیسہ شاہ نے کہا کہ نیب نے اپوزیشن

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

خضدار پولیس نے دوران تلاشی 36 کلو چھالیہ 20 کلو کتہ برآمد کر لی

خضدار (این این آئی) ڈی آئی جی آغا محمد یوسف اور ایس ایس پی خضدار عمر سعید خان آفریدی کی خصوصی ہدایت پر وڈھ پولیس ڈی ایس پی سکندر حیات جمالی کی زیر نگرانی میں ایس ایچ او وڈھ عبدالرحیم جتک، اے ایس آئی اکرام الحق زہری، اے ایس آئی امام بخش، اے ایس آئی تاج محمد و اصغر علی، عبدالحمید، ایس ایس ابراہیم، تاور علی، وزیر

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت کے آتے ہی قومی ترجیحات کو نقصان پہنچانے میں لگی ہوئی ہے، جمعیت

وفاقی وزیر تعلیم کی جانب سے نصاب کو انگریزی میں تبدیل کرنے کی تجویز کو ذہنی غلامی قرار دیتے ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے وفاقی وزیر تعلیم کی جانب سے نصاب کو انگریزی میں تبدیل کرنے کی تجویز کو ذہنی غلامی قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت کے آتے ہی قومی ترجیحات کو نقصان پہنچانے میں لگی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ قومی زبان اردو کی بدولت پوری قوم کے درمیان مضبوط رشتہ اور رابطہ ہے دنیا کے بہت سے ممالک نے اپنی زبانوں میں نظام تعلیم مرتب کر کے ترقی کی منازل طے کئے ہیں جبکہ ہمارے "رٹا سسٹم" کے دلدادہ احساس کمتری کا شکار ہیں۔

بلوچستان کے صنعتی شہر اور اس کے گرد ونواح میں موسلا دھار بارش وقفے وقفے سے جاری ہے

حب (آن لائن) بلوچستان کے صنعتی شہر اور اس کے گرد ونواح میں موسلا دھار بارش وقفے وقفے سے جاری ہے موسلا دھار بارش کے بعد ندی نالوں میں طغیانی شہر کا نکاسی آب سسٹم ناکارہ ہو چکا گھروں گلیوں سڑکوں پر پانی جمع مین شاہراہ اور صنعتی ایریا میں جگہ جگہ بارش کا پانی جمع ہونے کے سبب گاڑیاں پھنس گئی ہے شہر کے مختلف علاقوں لاری روڈ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کا اعلامیہ

کوئٹہ (آن لائن) بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے ایک اعلامیہ کے مطابق یونیورسٹی ایجوکیشنل ڈیولپمنٹ پروگرام ایسیلٹ فنانس کے تحت ایم پی ایس اور پی ڈی ایس پروگرام میں خالی ہونے والی نشستوں پر داخلوں کیلئے انٹرویوز آج بروز سوموار صبح

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

حکمران اور مافیا قوم پر رحم کر کے مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی ختم کرے، مولانا عبدالقادر لونی

مہنگائی اور بیروزگاری سے عوام خودکشیاں کرنے پر مجبور ہو چکے ہے، جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی کنوینر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی اپنی کنوین

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

27 جولائی 2020ء

ملک میں کورونا سے اموات میں 80 فیصد کمی

ملک میں کورونا سے اموات میں 80 فیصد کمی آئی ہے، مثبت کیسز 23 فیصد سے کم ہوکر 6 فیصد پر آگئے ہیں، بعض لوگ بیماری میں کمی سے متعلق شکوک وشبہات کا شکار ہیں، کسی کو شک وشبہ کا شکار نہیں ہونا چاہیے، عید پر میل ملاپ سے بیماری کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوتا ہے، لوگ انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ ملک میں وبا کے پھیلاؤ میں بہت کمی آئی ہے جس پر اللہ کا بہت شکر ادا کرنا چاہیے، بعض لوگ بیماری میں کمی سے متعلق شکوک وشبہات کا شکار ہیں تاہم اس کمی کا بین الاقوامی طور پر اعتراف کیا گیا ہے اور کسی کو شک وشبہ کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ اگر پہلے کورونا کے 100 میں سے 23 ٹیسٹ مثبت آتے تھے تو اب وہ 6 یا 7 پر آگئے ہیں جبکہ اموات میں 80 فیصد کمی ہوگئی ہے، پاکستان میں کورونا کی بیماری سے متعلق تمام ملکی وعالمی اندازے دھرے کے دھرے رہ گئے اور ہم نے ایک ماہ قبل ہی جون کے وسط میں وبا کا عروج دیکھ لیا۔ ظفر مرزا نے کہا کہ ملک کو اب دو بڑے چیلنجز عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام درپیش ہیں، دیگر ممالک کے تجربے سے پتہ چلتا ہے کہ کورونا وبا میں کمی کے بعد دوبارہ اضافہ بھی ہوسکتا ہے، اس لیے آئندہ دنوں میں پاکستان میں بھی وبا میں دوبارہ اضافے کا قوی امکان ہے، لہذا عید پر میل ملاپ سے بیماری کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوتا ہے، لوگ انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ عیدالفطر کے تجربے کی روشنی میں بہت زیادہ سوچ بچار اور علما سے مشاورت کے بعد عیدالاضحیٰ کے لیے ایس او پیز بنائے ہیں اور قومی حکمت عملی بنائی گئی ہے، صدر مملکت عارف علوی خود اس معاملے کو دیکھ رہے ہیں، اب 4 چیزوں پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہے، مویشیوں کی خرید وفروخت کیلئے شہر میں منڈی لگانے کی اجازت نہیں، شہری انفرادی کی بجائے اجتماعی قربانی کو ترجیح دیں، قربانی اور گوشت کی تقسیم کے وقت لوگوں کا جمگھٹا نہ لگائیں، عوام سے درخواست ہے کہ اسے عام عید نہ سمجھیں بلکہ مختلف سمجھیں، احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

ایک نہیں تین سو بیالیس چوائس

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

1958ء والی ترکیب؟ نہیں! 1969ء؟ ارے نہیں صاحب! 1977ء؟ دوبارہ نہ کہنا! 1999ء؟ سوچنا بھی نہیں! تو پھر؟ یہ میرے بعد دیگرے چار پانچ سوال تھے۔ جو کچھ مجھے جواب میں سننے کو ملا ملاحظہ ہو: "ان کے پاس میرے سوا کوئی اور چوائس نہیں"۔ یہی میرے ان چند سوالوں کا جواب ہے۔ یہ جملہ چار پانچ دہائیاں قبل اس وقت کے وزیراعظم نے یوں ادا کیا تھا: "کرسی؟ اور پھر اس نے کرسی کے ہتھے پر زوردار مکہ مار کر کہا تھا: "میری کرسی مضبوط ہے"۔ پھر پہلے تو کرسی کا ہتھہ ٹوٹا پھر کرسی اپنے نئے کرسی نشین سمیت موضع ہامیوالی، ضلع بہاولپور کے صحرا میں بکھر گئی:

سروری زیبا فقط اس ذات بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے اک وہی باقی بتان آزری

اپنی مختصر سی اس (غیر) جمہوری تاریخ میں پھر یہ جملہ بگلے کا گیت (swan song) ثابت ہوا، (خوش) گمانی تقاضا کرتی ہے کہ میں کہہ دوں کہ اس جملے کا نیا ایڈیشن بگلے کا حزن وملال ظاہر کر چکا ہے کہ اب وہ سر تال یا ان کے بغیر کسی بھی راگ میں اپنا گلا پھاڑے، میز پر (یا شاید ایک بیچ پر) پڑی راگ مالا کی کسی بھی طباعت، نئی یا پرانی، میں سے کوئی راگ اس کے کام نہیں آئے گا: ٹھمری، دادرا، کجری، دھرپد، ان سب کے بغیر جو بھی ہے سری مشق سخن سننے کو ملے گی، چنداوہ تو قبل از وقت منکشف ہو چکی ہے۔ انٹر مینگل کے بعد اب تم سب ایک بیچ پر نہیں ہو۔ رام بنائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی! اور اندھے کو اس دفعہ کوڑھی کیا ملا کہ مل کر انہوں نے دو سال میں ہمارا جو حشر نشر کر دیا ہے، اس کے تازیانے شاید ہم برسوں تک اپنی پشت پر سہتے رہیں گے۔ بھلا تو آئندہ ایام میں دیسرے فن میں کچھ گا بجا کر ماضی کے دھندلکے میں جا چھپے گا۔ ادھر اندھے کا خیال ہے کہ کوڑھی کی جگہ شاید کوئی اپاہج مل جائے گا۔ اور نہ ملا تو.....؟ اس تو کے آگے اندھیرے لیے شاید لامتناہی امکانات موجود ہوں کہ وہ تو اندھا ہے یا شاید کچھ بھی نہ ہو کہ وہ تو اندھا ہے۔ لیکن..... لیکن..... 22 کروڑ انفس متبرکہ کا کہنا ہے کہ کسی اور کے پاس کوئی چوائس ہو یا نہ ہو، ہمارے چوائس کے لئے 342 کا عدد ہمارے پاس موجود ہے۔ ان میں سے کسی کو بھی ہم مل کر وزیراعظم بنا دیں گے، بس اندھا ذرا فاصلے پر رہے۔

میں مدت مدید سے سن رہا ہوں کہ ہمارے ملک میں کوئی فتحہ جنریشن وار چل رہی ہے۔ ایک دفعہ پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ جنریشن وار ابھی تک چاری ایجاد ہو پائی ہیں۔ فتحہ کا کوئی وجود ابھی تک دنیا کی کسی ملٹری اکیڈمی میں نہیں پڑھایا جاتا۔ یہ جنریشن وار چار ہیں یا پانچ، مجھ پر تو یہ بات شروع ہی سے واضح ہے کہ اس جنگ کا ہارا دوسرا فریق یہ جنگ ہار چکا ہے۔ اللہ بخشے ماسٹر فضل حسین کو ریاضی کا ایک کلیہ کسی طور پر سمجھ میں نہیں آ رہا تھا: "کھڑے ہو جاؤ"۔ میں کھڑا ہو گیا۔ "کتنے بھائی ہو؟"۔ بتایا پانچ۔ کہنے لگے، ارے او بے وال کے بودم! تم چاروں بھائی مل کر بھی اپنے باپ سے بڑے نہیں ہو سکتے۔ میرے چہرے پر الجھن دیکھ کر لہجے کو ذرا نرم کرتے ہوئے بولے: "دیکھو بیٹا اس میز کی چار ٹانگیں اور اوپر ایک تختہ ہے۔ یہ چاروں ٹانگیں اور اکیلا تختہ اپنی منفرد حیثیت میں بہرحال میز کے چھوٹے ہی رہیں گے۔ مدتوں بعد مرحوم پروفیسر سید احمد محمود آئین، آئین کے تحت قائم اداروں۔۔۔ عدلیہ، انتظامیہ، مقننہ۔۔۔ میں باہم ربط پیدا کر رہے تھے تو مجھے یہ سمجھنے میں ذرا دیر نہیں لگی کہ ان سب سے مل کر جو شے معرض وجود میں آتی ہے، اسے ریاست کہتے ہیں۔ یہی ان سب کا ابا جان ہے۔ یہی چار ٹانگوں اور ایک تختے والی میز ہے جس کے مالک 22 کروڑ عوام ہیں جن کے مقابلے میں چاروں ٹانگیں ایک تختہ اور ابا جان کے چاروں بیٹے مل کر بھی چھوٹے ہی رہتے ہیں۔ حال یہ ہے کہ ابا جان کے بیٹوں میں سے دیدہ بینا سے محروم ایک پوتے نے اپنی پہلوانی کے زور پر سب کو تختہ ڈال رکھی ہے۔

تقسیم ہند کے وقت ہمارا خواندگی کا تناسب لگ بھگ بارہ پندرہ فیصد تھا، لہٰذا 1958ء کی غیر آئینی مہم جوئی اس وقت کے پچاسی فیصد ان پڑھوں کو راس آ گئی۔ اب تعلیم اور شعور کے ساتھ شتر بے مہار ذرائع ابلاغ کے پیدا کردہ حقوق کے شور نے پڑھے لکھے 22 کروڑ عوام کو بارود کے ڈھیر پر لا کھڑا کر دیا ہے۔ اب کوئی غیر آئینی چنگاری، کوئی غیر دستوری مہم جوئی، کسی پہلوانی کا اظہار، ماضی کی کسی مہم جوئی کا انعکاس یا ہم چوں ما دیگرے نیست کا بے محل درد اس بارود کے ڈھیر میں وہ آگ لگا سکتا ہے کہ پھر آگ ہی آگ شعلے ہی شعلے اور انجام کار؟ اس مخلوق میں اگر کوئی دیدہ بینا رکھنے والا رجل رشید موجود ہو تو وہ سماجی رابطے کا بھرپور سروے کرا لے، دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ آئین (اٹھارویں ترمیم سمیت) کی موجودگی میں کسی فوری یا فتحہ جنریشن وار کا خوف دل سے نکال دے۔ لیکن اگر درون خانہ کچھ پک رہا ہے اور خدشہ ہے کہ کچھ پک رہا ہے تو سماجی رابطے پر، فیس بک پر، ٹوئٹر پر، یوٹیوب پر کرائے گئے اس سروے کے نتائج سامنے رکھ لینا۔ اس جنریشن وار میں جیت ہمیشہ عوام کی ہوا کرتی ہے، دوسرا فریق؟ کسے باشد! ہمیشہ ہار سے ہمکنار، شکست سے بغل گیر اور رسوائی کا ہم سفری ہوا کرتا ہے اور جب منزل آتی ہے تو راکھ، ٹھنڈی خاکستری اور سہاگہ! میرے اپنے ملک سے جائزے کے مطابق سماجی رابطے پر باشندگان وطن میں سے ساٹھ ستر فیصد افراد غدار اور ملک دشمن ہی دیکھنے کو ملتے ہیں۔ تم کتنے بھونکو مارو گے، ہر گھر سے بھوت نکلے گا۔ میں حیران ہوں کہ ملک کی آبادی کے کثیر تناسب کے ساتھ ممکنہ یا موہومہ جنگ کے نتیجے میں دوسرے فریق نے جنگ جیتنے کی آس کیوں لگا رکھی ہے۔

ابھی پرسوں پرلے دن ایک پہلوان نما حکومتی عہدیدار نے اٹھارویں ترمیم کو اپنے کام کی راہ میں رکاوٹ قرار دیا۔ سیاست دانوں نے تو شائستگی کے اندر رہتے ہوئے اس کا موثر جواب دے دیا لیکن سماجی رابطوں پر غیر تربیت یافتہ غدار سولین نے جو مشاعرہ بپا کر رکھا ہے، وہ نہ تو پڑھنے اور نہ سننے کے لائق ہے۔ والد صاحب مرحوم کہ جنرل ایوب خان کے مداح اور دوست تھے، ایک دفعہ مجھ سے کہنے لگے: نہیں نہیں! او نہیں! ایوب خان نسلی غیرت مند تھا، کتنا؟ تم اندازہ کر ہی نہیں سکتے۔ ایک جلوس کے شرکا نے ایوب کتا کیا کہا کہ اس غیرت مند نے کھڑے گھاٹ استعفیٰ دے دیا کہ لو سنبھالو اپنا ملک!"۔ مارے عقیدت اور احترام کے میں نے سر جھکا لیا کہ باپ سے مناظرہ تو نہیں ہوا کرتا، ادھر آج کل 'جس' کے مارے جلوس بھی نہیں نکلتے لیکن دل میں پیدا شدہ خواہش کو میں دباؤں تو کیوں اور کیسے؟ اور دبانا چاہوں تو دبا بھی نہیں بنا سکتا۔ کل پرسوں سے ایک تمنا سی دل میں انگڑائیاں لے رہی ہے کہ کاش والد صاحب مرحوم نہ ہو جاتے۔ حیات ہوتے تو میں سماجی رابطے پر اٹھارویں ترمیم والے اسی مذکورہ غیر طرحی مشاعرے میں غیر تربیت یافتہ سولین کی دو ایک غزلیں انہیں سنوا پڑھوا دیتا تو شاید وہ "نسلی غیرت مند" کی کوئی نئی تعریف وضع کرتے یا اپنی رائے بدل لیتے لیکن شاید نہیں، ان کا عہد بارہ فیصد شرح خواندگی کا عہد تھا۔ آج 70 فیصد باشعور اور غیر تربیت یافتہ عوام طرحی مشاعروں سے بیزار ہو کر آزاد نظم کے اسیر ہو چکے ہیں۔ غیر آئینی جنریشن وار شروع کرنے والے دوسرے فریق سے گزارش ہے کہ سماجی رابطے کی جگہوں پر بپا اس مشاعرے میں بطور سامع ہی شرکت کر لے۔ قبلہ گاہی ملک غداروں سے مملو ہو چکا ہے۔

انیس سو انہتر میں جب ایسا ہی غیر طرحی یا غیر آئینی مشاعرہ منعقد ہوا، یا دوسرے فریق کی زبان میں فتحہ جنریشن وار شروع ہوئی تو تب اس وقت ایک ہی غدار تھا۔۔۔ شیخ مجیب الرحمن۔ شاید اس قلت کی وجہ ہی خواندگی کا کم تناسب تھا یعنی پندرہ بیس فیصد۔ آج شرح خواندگی بڑھنے کے سبب خیبر میں منظور پشتین تو بلوچستان میں بلوچستان لیبریشن آرمی، بلوچستان ری پبلکن گارڈز، بلوچستان لیبریشن فرنٹ، مجید بریگیڈ، نوابزادہ حیربیار نامی ایک سے ایک تنظیمیں اور افراد موجود ہیں۔ 2008ء تا 2018ء کی دو غیر تربیت یافتہ سولین حکومتیں سندھ میں قوم پرستوں کی کمر توڑ چکی تھیں۔ ان پڑھ لیکن تربیت یافتہ اندھے اور کوڑھی کے ایک بیچ پر ہونے کے سبب آج دو سال بعد وہ لوگ، وہ قوم پرست پھر منظم ہو رہے ہیں کہ ان کا مقابلہ تربیت یافتگان سے ہے۔ حیرت انگیز امر یہ ہے کہ غیر تربیت یافتہ اور بدعنوان سیاستدانوں کے دور میں ہم نے ان تمام علیحدگی پسندوں کو غائب ہی دیکھا۔ پھر کچھ نامعلوم افراد نے پچھلے سال دفاعی بجٹ بھی منجمد کر دیا جس کے ہم قطعی متحمل نہیں ہو سکتے تھے۔ چنانچہ ملک کی داخلی صورت حال کی یہ بھی سی نقشہ کشی ذہن میں رکھ کر اپنی مشرقی سرحدوں کا جائزہ لیں تو وہاں الگ سے آگ اور بارود دکھائی دیتا پڑتا ہے۔

ان حالات میں، بالخصوص ملکی معیشت کو ذہن میں رکھتے ہوئے، اب طریقہ صرف ایک ہی طریقہ رہ گیا ہے۔ پچھلے 70 سالہ گناہوں کی معافی، ایوان کے اندر تبدیلی اور مکمل شفاف اور دھلے ہوئے انتخابات۔ پھر آپ دیکھیں گے کہ عوام کے سامنے ایک دو نہیں 342 چوائس موجود ہوں گے۔ مگلت سے گوادر اور پاراچنار سے کوکھراپار تک کے عوامی نمائندے جب ایک چھت تلے بیٹھیں گے تو فتحہ جنریشن وار کا حوالہ خود بخود غائب ہو جائے گا۔ 1971ء میں انہی تین سو غیر تربیت یافتگان کا ایک، جی ہاں صرف ایک اجلاس اگر ڈھاکہ میں ہونے دیا جاتا تو نہ تو ہمارا ملک ٹوٹتا، نہ مشرقی پاکستان کے مشرق میں واقع بھارتی ریاستیں آج ہندوستان کا حصہ ہوتیں اور نہ روہنگیا مسلمان آج دریا بدریا بے خانماں پھر رہے ہوتے۔ تین سو غیر تربیت یافتہ عوامی نمائندوں کا صرف ایک اجلاس وہ کام کر گزرتا جو جنرل امیر عبداللہ خان نیازی 45 ہزار فوجیوں کے ساتھ نہیں کر سکا! یہ اجلاس بے دلی سے کچھ اس طرح بلانے کی کوشش کی گئی کہ گویا اس اجلاس میں یہ تین سو سیاست دان چوٹیات کی مدد سے ملک توڑ دیں گے۔ "نہ تو سورج سے ہو سکتا ہے کہ وہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے پہلے آ سکتی ہے۔ سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں"۔ (یٰسین۔40) عقلی منطقی شواہد یا میرے دلائل کو نظرانداز کر دیجیے۔ قبلہ گاہی اپنی ستر بہتر سالہ تاریخ ہی سے کوئی ہلکا سا سبق سیکھ لیجیے۔

ذرا جرآت کے ساتھ

میر اسلم رند

بڑے بڑے دانشوروں کے آرٹیکل پڑھ کر کبھی کبھی دل چاہتا ہے علم اور شعور کا اتنا ساشا کر دہونے کے ناطے اپنے قوم کے لئے میں بھی کچھ نہ کچھ ضرور لکھوں، لیکن پھر سوچتا ہوں کس کے لئے اس قوم کے لئے جو کورونا جیسے وبائی مرض جس نے ہر دروازے پر موت کی دستک دی لیکن اس قوم نے کوئی سبق نہیں سیکھا بلکہ ہماری قوم نے ان قوموں کا کردار ادا کیا جب لوگوں پر اللہ کی طرف سے عذاب کی صورت میں زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے تھے تو وہ بدبخت قومیں آسمان کی طرف (تیر) برسایا کرتے تھے یہی کردار ہمارے پاکستان قوم نے ادا کیا، دو ماہ تک کورونا جیسے مرض کو جھٹلاتے رہے جب ہر گھر میں کورونا داخل ہوا تو ہسپتال میں ہزاروں نیم حکیم خطرے جان والے ڈاکٹر نمودار ہو گئے ماسک 20 روپے سے 250 روپے تک پہنچ گیا 55 روپے والی سینیٹائزر کی بوتل 450 روپے میں فروخت ہونے لگا پوری دنیا میں جان بچانے والی دوائیاں مفت تقسیم کی گئی لیکن ہمارے ملک میں اس کی قیمت 5 ہزار روپے سے 5 لاکھ تک پہنچا دی گئی غریبوں کے لئے اسپتال بند کر دیئے گئے جو مریض بھی اسپتال پہنچا واپسی پر وہ خود نہیں اس کی لاش گھر پہنچا گیا ملک میں ایک خوف وہراس کی کیفیت پیدا کی گئی پرائیویٹ اسپتالوں میں صرف ان اشخاص کو وینٹیلیٹر مہیا کیا گیا جن کے پاس کم سے کم 30 لاکھ روپے جیب میں موجود تھے جب ایک ڈاکٹر صاحب نے کہا پلازمے سے جان بچ سکتا ہے تو پلازمہ فوراً 8 لاکھ روپے کا ہو گیا یعنی ایک بوتل خون کی قیمت 8 لاکھ روپے غریبوں کے نام پر ان لوگوں کو راشن دیا گیا جن کو غریبوں کا احساس ہی نہیں اور نہ ہی ان لوگوں نے زندگی میں 5 منٹ سے زیادہ غریبوں کے ساتھ گزارہ ہوگا؟ 11 کھرب روپے کورونا کے نام پر اس بھٹی میں ڈال دیئے گئے جہاں واپسی میں صرف راکھ نظر آیا یہ ہے ہماری پاکستان قوم جو فخر سے کہتے ہیں ہم شب قدر کی رات آزاد ہوئے ہیں جس رات قرآن پاک کا نزول ہوا تھا یہ ہے 206 ممالک میں وہ منفرد قوم ہے جس کا مقابلہ مہنگائی، کرپشن، دھوکے بازی، گران فروشی، میں کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا ہمارے حکمران جو عوام کے سامنے رام رام اور بغل میں چری لئے پھرتے ہیں ہر روز غریبوں کے لئے درد رکھنے والے راگ الاپتے رہتے ہیں پھر ہر 15 دن بعد گیس، بجلی و پٹرول کی صورت میں ان پر بم گراتے ہیں اس حکومت میں وزیراعظم صاحب جس چیز کا نوٹس لیتے ہے وہ مہنگی ہو جاتی خدارا وزیراعظم صاحب اس قوم پر رحم کریں، دیکھئے ان کے قول اور فعل میں کتنا تضاد ہے کل تک اقاموں پر مخالف لیڈروں کے خلاف عدالتوں جانے والوں نے آج تمام ملک پر اپنے بیرونی ATMS کو مسلط کر رکھا ہے یہی ATMS تمام روز ٹی وی ٹاک شوز میں بیٹھ کر محروز سے محروز سیاسی ورکر کی بیزتی کرتے ہیں یہ ان ملکوں کے شہری ہیں جو اپنے ماں باپ کو ہوٹل لیجاتے ہوئے کہتے ہیں آپ اپنا بل دو میں اپنا بل دونگا ایسے لوگ ہمارے ملک سے کیا وفا کریں گے ایسے افراد کے حاتھوں اپنے ملک کے راز اور سیکرٹی دینا کسی طرح بھی درست نہیں آجکل الکٹرک میڈیا و سوشل میڈیا پر ایک بیٹے کے حاتھوں ماں کی زیادتی کو بہت دکھایا جا رہا ہے اور سب کو افسوس بھی ہو رہا ہے لیکن یہ کوئی نہیں سوچتا جس ملک کے 50 ٹی وی چینلوں میں 8 بجے سے رات 12 تک ڈراموں کے ذریعے ایک بیوی کے حاتھوں ساس کی بے عزتی اور ایک ساس کے حاتھوں ایک بہو کو گھر سے نکلتا دکھایا جا رہا ہو اس معاشرے میں ایس حرکات پر افسوس کرنا تعجب کی بات ہے میری نظر میں ہمارے معاشرے کو تیزاب سے غسل دینے کی ضرورت ہے تاکہ جراسیم کے ساتھ ساتھ وہ قال بھی ادھر جائے جو دن میں 5 بار اپنے رب کے سامنے سجدہ کر کے عہد کرتا ہے کہ مجھے صراط المستقیم کی راہ پر چلایا جائے لیکن مسجد سے نکلنے کے بعد اس جسم پر دوبارہ۔ فراڈ۔ مہنگائی فروش، ذخیرہ اندوز۔ رشوت کا جراثیم شامل ہوتا جاتا ہے جس کو جلانا لازمی ہے۔

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں سامان 100 برس کی پل کی خبر نہیں

وزیراعظم کے نوٹس اور بیوروکریسی کی ہٹ دھرمی

نسیم شاہد

یہ بات بہت پرانی نہیں کہ اس جون جولائی کے مہینوں میں کسان سڑکوں پر گندم کے ڈھیر لگا کے سرکاری قیمت سے بھی کم نرخ پر گندم فروخت کرتے تھے۔ میں سال بھر کی گندم خرید کر گھر میں رکھ لیتا اور پھر ضرورت کے مطابق پسوا کر سارا سال اس کا استعمال جاری رہتا مگر اس بار گندم سڑکوں پر بکتی نظر نہ آئی۔ اس لئے آٹے کا تھیلا ہی خریدنا پڑ رہا ہے۔ اب ایک عرصے سے حکومت اور فلور ملز مالکان کے درمیان آنکھ مچولی جاری ہے وہ آٹا غائب کر کے قیمت بڑھا دیتے ہیں اور حکومت ڈنڈا لے کر ان کے پیچھے پڑ جاتی ہے کہ مقررہ نرخوں پر آٹا بیچو۔ اس سارے کھیل میں جو طبقہ پس رہا ہے وہ غریبوں کا ہے پہلے میں کلو تھیلے کی قیمت 805 روپے تھی۔ اب حکومت نے اس میں 55 روپے اضافہ کر کے اس کی قیمت 860 روپے مقرر کی ہے۔ مگر وہ مارکیٹ میں 1050 روپے کا مل رہا ہے وہ بھی ڈھونڈنا پڑتا ہے فلور ملز مالکان بہت طاقتور مافیا ہے۔ اسے کنٹرول کرنا حکومت کے بس کا روگ نہیں، خاص طور پر محکمہ خوراک کے افسران کی موجودگی میں جو خود کرپشن کی گنگا میں ڈبکیاں لگاتے ہیں، ایسا کرنا تو بالکل ہی ممکن نہیں محکمہ فوڈ کا ایک ڈائریکٹر ہر سال کروڑوں روپے کماتا ہے۔ کیسے کماتا ہے، کوئی اس پر بھی غور کرے۔

اس کے پاس بے محابا اختیارات ہوتے ہیں، وہ کسی فلور ملز کو جتنا چاہے گندم کا کوٹہ الاٹ کر دے پھر آنکھیں بند رکھے اور یہ چیک نہ کرے کہ جتنا کوٹہ دیا گیا ہے، اس کے مطابق مل آٹا بھی مارکیٹ میں فراہم کر رہی ہے یا نہیں فلور ملز مالکان اور محکمہ خوراک کے افسران کی ملی بھگت سے ہر سال اربوں روپے کی لوٹ مار ہوتی ہے، دو چار افسران پکڑے بھی جاتے ہیں، معطل بھی ہوتے ہیں، مگر جلد ہی دوبارہ بحال ہو کر اپنا دھندا شروع کر دیتے ہیں اس بہتی گنگا میں اضلاع کے انتظامی افسران بھی ہاتھ دھوتے ہیں، کیونکہ ان کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ اس سارے معاملے پر نظر رکھیں، وہ نظر تو رکھتے ہیں مگر صرف اس حد تک کہ انہیں حصہ بقدر جثہ ملتا رہے۔ سو یہ لوٹ مار جاری ہے اور ایسے وقت میں بھی کہ جب گندم کی تازہ فصل سے سرکاری گودام بھرے پڑے ہیں، گندم کی پورے ملک میں کوئی قلت بھی نہیں لیکن آٹے کا تھیلا کسی ایک قیمت پر ٹھہر نہیں پا رہا۔ یاد رہے کہ اگر صرف ایک ہفتہ آٹے کا تھیلا مقررہ قیمت سے دو سو روپے مہنگا بکتا ہے تو اربوں روپے اضافی عوام کی جیبوں سے نکل کر فلور ملز مالکان، محکمہ خوراک کے افسران اور ضلعی انتظامیہ کی تجوریوں میں چلے جاتے ہیں۔

چند روز پہلے ہمارے وزیراعظم عمران خان نے جب آٹے کی قیمت میں اضافے کا نوٹس لیا تو میں اسی وقت سمجھ گیا تھا کہ اب آٹا نایاب ہونے والا ہے۔ اس بار تو عمران خان نے نوٹس بھی بڑا سخت لیا تھا کہ پنجاب حکومت پرانے نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنائے چاہے کوئی بھی قدم اٹھانا پڑے، حتیٰ کہ سبسڈی دینے کا آپشن بھی وزیراعظم کی طرف سے دیا گیا۔ ظاہر ہے جب کپتان کسی بات کا نوٹس لیتے ہیں تو حکومتیں اور مافیاز تھر تھر کانپنے لگتے ہیں، اسی کپکپاہٹ میں وہ یا تو مارکیٹ سے اس شے کو غائب کر دیتے ہیں یا پھر اسی کی بلیک میں فروخت کے نئے ریکارڈ قائم کرتے ہیں۔ چینی اور پٹرول کے معاملے میں ہم یہ واردات دیکھ چکے ہیں آج کتنے دن ہو گئے ہیں کہ وزیراعظم نے پرانی قیمت پر آٹے کی فراہمی یقینی بنانے کو کہا تھا، پنجاب حکومت نے پہلی حکم عدولی تو یہ کی کہ قیمت 805 سے 860 روپے کر دی، لیکن اس سے بھی بڑی حکم عدولی یہ تھی کہ اس قیمت پر بھی آٹے کی فراہمی ممکن نہیں بنایا جا سکا۔ آٹے کا تھیلا دھڑلے سے گیارہ سو روپے فی بیس کلوگرام بیچا جا رہا ہے ہم نے تو کئی بار کہا ہے کہ پنجاب میں تعینات بیوروکریسی وزیراعلیٰ عثمان بزدار سے مذاق کر رہی ہے۔ ان کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر یہ بیان تو جاری ہو جاتا ہے کہ مہنگا آٹا بیچنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، مگر شاید انہیں علم نہیں کہ اس ملک میں مافیاز کو اب کسی رسمی اجازت کی ضرورت نہیں رہی۔ انہوں نے سرکار کو بری طرح ناکام بنا رکھا ہے اور عوام کو ریلیف دینے کے کسی فیصلے کو نہ صرف جوتے کی نوک پر رکھتے ہیں بلکہ قیمت بڑھا کر یا قلت پیدا کر کے حکومت کو عوام کی نظروں میں مزید بے توقیر کر دیتے ہیں۔

حکومت یہ اعداد و شمار جاری کر کر کے تھک گئی ہے کہ سرکاری نرخوں پر فلور ملوں کو کتنے لاکھ ٹن گندم روزانہ کی بنیاد پر فراہم کر رہی ہے اور آٹے کی روزانہ کھپت کتنی ہے۔ مگر اس کے باوجود آٹا ہے کہ نایاب ہو جاتا ہے اور من مانے نرخوں پر فروخت جاری رہتی ہے۔ کہنے کو وزیراعظم عمران خان نے ایک سخت نوٹس لے کر حکم جاری کر دیا لیکن یہ حکم نیچے تک کیسے نافذ ہوگا۔ صوبوں کے چیف سیکرٹریز کے نزدیک یہ تو کوئی ایشو ہی نہیں، انہوں نے کون سا گندم یا آٹا خریدنا ہے۔ ان کے گھر تو دانے ہی دانے ہیں اس لئے ان کے کملے بھی سیانے ہیں وہ اپنے پیارے اور چہیتے افسران کو اس معمولی سے کام پر تو نہیں لگا سکتے کہ وہ عوام کو آٹے کی فراہمی یقینی بنائیں ان کے سامنے تو بڑے بڑے کام ہیں کروڑوں روپے کے ٹھیکے، فنڈز کی بندر بانٹ سرکاری گاڑیوں کے فلیٹ اور حکمرانی کا کروفر۔ مافیاز بھی جانتے ہیں کہ ضلعوں میں تعینات ہونے والے افسران مختصر مدت کے لئے آتے ہیں اور ان کی پہلی ترجیح یہ ہوتی ہے کہ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مال بنا کر اگلی پوسٹنگ پر چلے جائیں۔

ایک پولٹری فارم مالک دوست نے مجھے بتایا کہ بھولے بادشاہ عوام کو کیا معلوم کہ مرغی کا ریٹ یکدم سو روپے کلو کیوں بڑھ جاتا ہے، وہ شور مچاتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر اس کا نوٹس لیں حالانکہ یہ اسی عطار کے بیٹے سے دوا لینے والی بات ہے، جس کے سبب یہ سب کچھ ہوتا ہے۔ اس کے اصول ڈپٹی کمشنر سے ایک خاص مدت کے لئے قیمت بڑھانے کا معاملہ طے کیا جاتا ہے، مثلاً ایک ہفتہ یا دو ہفتے کے لئے اگر کسی ضلع میں مرغی کا گوشت سو روپے مہنگا ہو جائے تو روزانہ کا فائدہ کروڑوں روپے میں ہوتا ہے۔ پولٹری ایسوسی ایشن پانچ کروڑ روپے میں سودا طے کرتی ہے اور پچاس کروڑ کما لیتی ہے جب زیادہ شور مچتا ہے تو معاہدے کی مدت پوری ہو چکی ہوتی ہے اور مرغی کا ریٹ یکدم نیچے آ جاتا ہے، لوگ خوشی سے تالیاں بجاتے ہیں کہ دیکھو ہمارے ڈپٹی کمشنر نے کیا کارنامہ دکھایا ہے، 320 روپے کلو بکنے والا گوشت 220 روپے کلو بک رہا ہے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

بلوچستان کے تعلیم وتدریس کا آغاز

بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت دیگر علاقوں کے کے تعلیمی ادارے ان شاء اللہ 15 ستمبر سے کھل رہے ہیں۔ خبر ہے کہ بلوچستان حکومت نے وفاق کے فیصلے کے مطابق صوبے کے تمام تعلیمی ادارے پندرہ ستمبر سے کھولنے کا فیصلہ کر لیا، تعلیمی ادارے کھولنے سے قبل اعلیٰ سطحی اجلاس میں صوبے میں کورونا کی صورتحال کا حتمی جائزہ لیا جائے گا، اس بات کا فیصلہ چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر کی زیر صدارت اجلاس میں کیا گیا جس میں سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم غلزئی، سیکرٹری سیکنڈری ایجوکیشن غلام علی بلوچ، سیکرٹری صحت، پی ڈی ایم اے حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں تعلیمی ادارے کھولنے کے حوالے سے صورتحال اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں تعلیمی ادارے وفاق کے فیصلے کے تحت 15 ستمبر سے کھولنے کا فیصلہ کیا گیا، تاہم تعلیمی ادارے کھولنے سے قبل صوبے میں کورونا کی صورتحال کا حتمی جائزہ لیا جائے گا، اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ تعلیمی ادارے کھولنے سے قبل ان اداروں کی انتظامیہ کو کورونا کی روک تھام کے حوالے سے آگہی اور بچاؤ کیلئے باقاعدہ تربیت بھی دی جائیگی۔

جامعہ بلوچستان نے آن لائن امتحانات تاحکم ثانی ملتوی کر دیئے جامعہ بلوچستان کے ڈپٹی کنٹرولر برائے سمسٹر سیل کی جانب سے جاری جاری کردہ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ تاحکم ثانی یونیورسٹی کی جانب سے جاری آن لائن امتحان بغیر کسی وجہ کے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اس سے قبل یونیورسٹی کی جانب سے مڈ امتحانات کا اعلان کیا گیا تھا اور 20 جولائی سے امتحانات شروع ہو گئے تھے مگر پھر 22 جولائی کی شام کو اچانک ایک پیغام جاری کیا گیا کہ امتحانات ملتوی کر دیے گئے ہیں تاہم کوئی وجہ نہیں بتایا گیا ہے اب صورتحال واضح نہیں کہ جامعات اور حکومت کی جانب سے طلباء وطالبات کے ساتھ یہ کھلواڑ کیوں کیا جا رہا ہے بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے ہزاروں طلباء وطالبات کوئٹہ آئے کہ امتحانات دے سکیں لیکن یونیورسٹی کی جانب اچانک امتحانات کے ملتوی کرنے کے اعلان نے طلباء وطالبات میں مایوسی پھیلا دی یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ جامعات کی جانب سے فیس وصولی کیلئے آن لائن کلاسز کا ڈرامہ رچایا گیا ہو کیوں بلوچستان یونیورسٹی کے 40 سے زیادہ شعبوں میں اکثریت اساتذہ آن لائن کلاسز نہیں لے رہے چند ایک جو ٹیکنالوجی سے واقفیت رکھتے ہیں آن لائن کلاسز لے رہے ہ

شال بقیہ 1

ہم اس کی کا بین الاقوامی طور پر اعتراف کیا گیا ہے اور کسی کو شک وشبہ کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ لہٰذا ڈاکٹر ظفر مرزا نے بتایا کہ اگر پہلے کورونا کے 100 میں سے 23 ٹیسٹ مثبت آتے تھے تو اب وہ 6 یا 7 پر آگئے ہیں جبکہ اموات میں 80 فیصد کمی ہوگئی ہے، پاکستان میں کورونا کی بیماری سے متعلق تمام علمی و عالمی اندازے دھرے کے دھرے رہ گئے اور ہم نے ایک ماہ قبل ہی جون کے وسط میں وبا کا عروج دیکھ لیا۔ ظفر مرزا نے کہا کہ ملک کو اب دو بڑے چیلنجز عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام درپیش ہیں، دیگر ممالک کے تجربے سے پتہ چلتا ہے کہ کورونا وبا میں کمی کے بعد دوبارہ اضافہ بھی ہوسکتا ہے، اس لیے آئندہ دنوں میں پاکستان میں بھی وبا میں دوبارہ اضافے کا قوی امکان ہے، لہٰذا عید پر میل ملاپ سے بیماری کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوتا ہے، لوگ انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ معاون خصوصی نے کہا کہ عیدالفطر کے تجربے کی روشنی میں بہت زیادہ سوچ بچار اور علما سے مشاورت کے بعد عیدالاضحیٰ کے لیے ایس او پیز بنائے ہیں اور قومی حکمت عملی بنائی گئی ہے، صدر مملکت عارف علوی خود اس معاملے کو دیکھ رہے ہیں، اب 4 چیزوں پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہے، مویشیوں کی خرید وفروخت کیلئے شہر میں منڈی لگانے کی اجازت نہیں، شہری انفرادی کی بجائے اجتماعی قربانی کو ترجیح دیں، قربانی اور گوشت کی تقسیم کے وقت لوگوں کا جمگھٹا نہ لگائیں، عوام سے درخواست ہے کہ اسے عام عید نہ سمجھیں بلکہ مختلف سمجھیں، احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

شال بقیہ 2

محکمہ خزانہ میں واضح بہتری لائی ہے سائلین کے مسائل فوری حل ہو رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر ارباب نیل پریس کلب اوتھل کے صحافیوں رفیق تبسم۔ پیر بخش گلی تھی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کرونا وائرس کی وجہ سے ہر عام وخاص آدمی کی زندگی متاثر ہوئی ہے مگر الحمدللہ حکومت بلوچستان کے بہترین اقدام کی وجہ سے حالات بہتر سمت کی جانب گامزن ہیں محکمہ خزانہ میں سائلین کے مسائل فوری طور پر حل ہو رہے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ عوام کو کسی بھی مشکلات کا سامنا نہ ہوں اور وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب جام میر کمال خان عالیانی کی قیادت میں عوام کے جائز و بنیادی مسائل فوری طور پر حل کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومتوں کے خلاف باتیں تو ہوتی رہتی ہیں اور ہر ایک حکومت کے خلاف یہ بات تو عام ہوچکی ہے کہ حکومت کل گر جائے گی مگر ایسا ہوتا نہیں ہے اور موجودہ حکومت کے خلاف بھی یہی باتیں ہو رہی ہیں مگر الحمدللہ موجودہ حکومت بہتر انداز میں صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے موثر اقدامات اٹھا رہی ہے اور انشاءاللہ موجودہ حکومت اپنی پانچ سالہ مدت پوری کریگی اور ان پانچ سالوں کے دوران جگہ جگہ پر حکومت بلوچستان کے کارنامے نظر آئیں گے پہلے ہمیشہ کاغذوں میں ترقی دیکھی ہے اور اب ترقی زمین پر نظر آرہی ہے موجودہ حکومت نے پی ایس ڈی پی میں بڑے بڑے منصوبے شامل کیئے ہیں جو عوامی مفادات میں ہیں اور ہماری حکومت ایک عوامی حکومت ہے جو بہتر انداز میں عوام کے مسائل حل کر رہی ہے اور عوام کے جائز مسائل فوری طور پر حل ہو رہے ہیں اور عوام کے دہلیز پر ان کے مسائل حل ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال بھی کافی حد تک بہتر ہوئی ہے اور دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

شال بقیہ 3

تحریک لے کر آتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بتایا جاتا ہے اگر یہ نہ ہوا تو اسلام خطرے میں ہے، یہ خطرناک رویہ ہے اس سے ہم فرقہ وارانہ اور مذہبی شدت پسندی کے گرداب میں دھنستے جائیں گے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ پاکستان میں اسلام کو نہ تو کتابوں سے خطرہ ہے اور نہ کتابوں سے، ہمیں فرقہ وارانہ بنیادوں پر تقسیم اور شدت پسندی سے خطرہ ہے۔ دریں اثناء وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور اسے ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے مربوط کوششیں کی ہیں جس کے نتائج بھی سامنے آرہے ہیں، ریڈیو پاکستان کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کو ورثے میں ایسی معیشت ملی جو دیوالیہ ہونے کے قریب تھی۔ اب ہم ملک کی معاشی صورتحال بہتر کرنے کیلئے درست سمت میں گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کامیابی کے ساتھ ویفی لیفرز اور حفاظتی ساز وسامان تیار کیا ہے اور قیمتی زرمبادلہ کے لاکھوں ڈالر بچائے۔ ٹیکنالوجی میں ترقی ملک کی تقدیر بدل سکتی ہے۔

شال بقیہ 4

مطابق 25 جولائی کو الیکشن ہوئے دو سال کا عرصہ مکمل ہوگیا، ہماری حکومت کا قیام 18 اگست کو عمل میں آیا۔ دریں اثناء وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم لاک ڈاؤن کیلئے دباؤ کے باوجود اپنے فیصلے سے پیچھے نہیں ہٹے، کورونا کی وجہ سے لاک ڈاؤن کی بات کرنے والوں نے ہمیشہ غریبوں کا خون چوسا ہے، کورونا کی وجہ سے حکومت نے درمیانی رستہ اختیار کیا، وزیراعظم کی کوشش تھی غریبوں کا خیال رکھا جائے، اپوزیشن کی نیت ٹھیک نہیں تھی آج منہ چھپا رہے ہیں، اسمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی کو دنیا بھر میں پذیرائی ملی۔ وہ معاون خصوصی برائے ڈیجیٹل پاکستان ثانیہ ایدروس، وزیراعظم کے فوکل پرسن برائے کورونا وائرس ڈاکٹر فیصل کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہمارا ملک مکمل لاک ڈاؤن کا طویل عرصے تک متحمل نہیں ہوسکتا تھا اس لیے قیادت نے فیصلہ کیا کہ ملک کی معاشی صورتحال کو دیکھتے ہوئے لاک ڈاؤن نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قیادت نے فیصلہ کیا کہ غریب اور مزدور افراد کے لیے ایسی حکمت عملی بنائی کہ صحت اور روزگار ایک ساتھ چل سکیں جس پر بہت تنقید بھی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ لاک ڈاؤن کا مشورہ دے رہے ہیں سب جانتے ہیں کہ ان کا مقصد کیا ہے یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے غریبوں کا خون چوسا تھا۔ وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا کہ وزیراعظم پر لاک ڈاؤن کا بہت دباؤ ڈالا گیا لیکن وہ اپنے فیصلے سے متزلزل نہیں ہوئے اور ہمارے اس فیصلے کی بین الاقوامی سطح پر پذیرائی ہوئی۔

شال بقیہ 5

بڑھ جائیگا انہوں نے کہا کہ لوگوں کی جانب سے عید خریداری کے دوران ایس او پیز پر مکمل طور عمل نہیں کرنا افسوسناک ہے صحت کے متعلق لاپرواہی کے بڑے نقصان کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے۔

شال بقیہ 6

سبق سکھایا ہے۔ قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں کا حلقہ انتخاب سے مکمل صفایا کرنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گا عوام کا پی اے پی میں جوق در جوق شمولیت ہماری دو سالہ کارکردگی کا نتیجہ ہے 2023 کے عام انتخاب میں ان سیاسی مداریوں کا تائید و تصدیق کرنے والا بھی نہیں ملے گا چالیس سالوں سے حلقے کو کبھی مذہب اور کبھی قوم پرستی کے جھوٹے نعروں کے زریعے ورغلا کر انہیں بے وقوف بنانے کی کوشش کی گئی لیکن اب عوام میں شعور بیدار ہو چکا ہے اور ان کی اصلیت پہچان چکے ہے چالیس سالوں حلقے پر اقتدار کرنے والوں نے حلقے کے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے کچھ نہیں کیا تھا بلوچستان میں سب سے بڑا انتخابی حلقہ ہونے کے باوجود حلقے کے چپے چپے میں جا کر عوامی مسائل معلوم کر کے انہیں حل کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

شال بقیہ 7

ٹائیگر فورس کی اہمیت وافادیت کے حوالے منعقدہ کنونشن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عثمان ڈار نے کہا کہ حکومت کی طرف سے ٹائیگر فورس کے نوجوانوں کو آسان شرائط پر قرضے بغیر کسی ضمانت کے دیئے جائیں گے۔ اگلے ماہ 12 اگست کے بعد یوتھ انٹیرز کا دوسرا فیز شروع ہوگا اربوں روپے کی لاگت سے ہنرمند نوجوان کو مفت تعلیم فراہم کرنے کی سہولیات بھی دے گی۔ عیدالاضحیٰ کے بعد ملک بھر میں 10 لاکھ پودے بھی لگائے جائیں گے اور انشاءاللہ اب ملک کی بھاگ دوڑ نوجوانوں کے ہاتھ میں ہوگی جہاں جہاں پاکستان کو ضرورت ہوگی اسی جذبے کے ساتھ ٹائیگر فورس آگے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ٹائیگر فورس پر پوری قوم کو فخر ہے

شال بقیہ 8

صاف کر کے اپنی جماعت میں شامل کریں گے، ان کے سر پر ہاتھ رکھیں گے تو یہ بہت غیر مناسب بات ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) سے رابطہ کرنے والے تحریک انصاف کے رہنما جنوبی پنجاب اور خیبر پختونخوا، وسطی پنجاب سمیت پورے ملک سے تعلق رکھتے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ آزادی مارچ ہوا تھا تو اس وقت اپوزیشن جماعتوں میں وقت پر اختلاف ہوا تھا تاہم اب اپوزیشن کی تمام جماعتیں وقت کے لحاظ سے متفق ہیں کہ اب اس حکومت کو جلد از جلد رخصت کرنا ہی ملک اور عوام کے مفاد میں ہے۔ جب سابق وزیر داخلہ سے سوال کیا گیا کہ کیا پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) میں مولانا فضل الرحمن گارنٹی ہیں تو انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی کسی کے لیے گارنٹی نہیں، ہر جماعت خود اپنے لیے ایک گارنٹی کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام جماعتیں متفق ہیں کہ ہم اس وقت شدید بحرانی صورتحال سے دوچار ہیں اور کوشش کریں گے کہ اپوزیشن کے مشترکہ دباؤ کے نتیجے میں کوئی ایسی صورت پیدا ہو جس سے ہم انتخابات کی طرف جاسکیں۔

شال بقیہ 9

مظاہرے کیئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قیام آڈیٹوریم میں ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔ مرکزی نائب امیر اسداللہ بھٹو، ڈاکٹر معراج الہدیٰ صدیقی، صوبائی امیر محمد حسین محنتی ودیگر صوبائی ومقامی ذمہ داران بھی ساتھ موجود تھے۔ صوبائی امیر محمد حسین محنتی نے مرکزی امیر کو سندھ کی سیاسی صورتحال، دعوتی تنظیمی اور فلاحی سرگرمیوں سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی نے الخدمت کے تحت 25 کروڑ سے زاید کی مالیت کا راشن، ماسک سمیت دیگر سامان کراچی تا کشمور لاک ڈاؤن سے متاثرہ عوام میں تقسیم کیا۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ مہنگائی کے خاتمے روزگار کی فراہمی اور عام آدمی کا معیار بلند کرنے تک پی ٹی آئی حکومت نے جتنے بھی وعدے کئے ان میں سے اب تک کوئی ایک بھی پورا نہیں کیا۔ بیرون ملک لوٹی گئی دولت کی واپسی اور احتساب کو مذاق بنا دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 10

میں دہشت گردی افغانستان کی سرزمین سے ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی رپورٹ نے بھی واضح کردیا کہ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے۔ منیر اکرم نے کہا کہ بھارت میں بھی دہشت گرد موجود ہیں، بھارت سری لنکا میں بھی دہشت گردی کرا رہا ہے، پاکستان کے مستقل مندوب کا کہنا تھا کہ بھارت خطے میں دہشت گردی کرا رہا ہے اور اب اس کا جواب دینا ہوگا۔ منیر اکرم کا کہنا تھا کہ بھارت کے دہشت گردی میں ملوث ہونے کا معاملہ اقوام متحدہ میں اٹھایا ہے، بھارت کی دہشت گردی کو ہر پلیٹ فارم پر بے نقاب کریں گے۔

شال بقیہ 11

اپنی اور وزیراعظم عمران خان کی طرف سے سعودی عرب کے فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی صحت کے حوالے سے خیریت دریافت کی۔ سعودی وزیر خارجہ نے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ شاہ سلمان بن عبدالعزیز پتے کی کامیاب سرجری کے بعد تیزی سے روبصحت ہو رہے ہیں۔ وزیر خارجہ نے ان کی جلد صحت یابی اور درازی عمر کیلئے دعاؤں اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیر خارجہ نے اپنے سعودی ہم منصب کو پاکستان کی جانب سے کرونا وبا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے سمارٹ لاک ڈاؤن سمیت اٹھائے گئے موثر اقدامات سے آگاہ کیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی طرف سے سمارٹ لاک ڈاؤن حکمت عملی کے سبب نہ صرف کرونا وائرس کے پھیلاؤ کی شرح کم ہوئی بلکہ شرح اموات میں بھی کافی حد تک کمی واقع ہوئی۔ سعودی وزیر خارجہ نے کہا کہ سعودی عرب میں بھی کرونا وبائی صورتحال بہتری کی جانب گامزن ہے۔

شال بقیہ 12

کی صورت بدل دیں کی تفصیلات کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری اپنے پیغام میں چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ نے کہا کہ جنوبی بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر پر مکمل توجہ مرکوز ہے، شاہراہیں موثر رابطوں اور سماجی و اقتصادی ترقی کا ذریعہ ہیں عاصم سلیم باجوہ کا کہنا تھا کہ ہوشاب، آواران تا خضدار، آواران تا بیلہ شاہراہ خطے کی صورتحال بدل دے گی۔

شال بقیہ 13

جینٹل پانی وے قلعہ شیرک کے قریب دو گاڑیوں میں ٹکر کے نتیجے میں خاتون سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے پولیس نے زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 14

تھانوں میں کیل الماریاں اور کرسیاں لیویز تھانوں کے انچارجز کے حوالے کیں اور انہیں ہدایت جاری کیں کہ لیویز فورس کو ہر دم الرٹ رکھیں، ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے محکمہ بی ایند آر ڈگری کالج ڈیرہ بگٹی اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا بھی دورہ کیا ناقص صفائی پر ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی سخت برہم میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو صفائی کی صورت حال بہتر کرنے کی فوری طور احکامات جاری کئے اور ہسپتال کے عملے کو چوبیس گھنٹے حاضر رہنے کے ہدایات بھی جاری کئے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے کہا کہ غیر حاضر عملے کے خلاف قانونی کاروائی کی جائیگی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ بگٹی شاہنواز بلوچ اور لیویز آفیسران بھی انکے ہمراہ تھے ڈیرہ بگٹی کی عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی ذوالفقار کرارکی کارکردگی کو سراہا۔

شال بقیہ 15

کے مطابق اتوار کے روز کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ اور ناچ کراس پر ٹرالر اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار تاج محمد ولد امام بخش قوم قاسیر وہ سکنہ باغبانہ شدید زخمی ہوگئے جنہیں وڈھ ہسپتال پہنچایا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا نعش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر کے واقعہ سے متعلق تحقیقات شروع کردی۔

شال بقیہ 16

ہے۔ واضح رہے کہ جمعہ کے روز گوال حیدر زئی اور مسافر پور کے درمیان 132KV ٹرانسمیشن لائن کا ایک ٹاور گر گیا تھا جس کے نتیجے میں 132KV مسافر پور اور ژوب گرڈ اسٹیشنز کو بجلی کی فراہمی معطل ہوئی تاہم کیسکو کا شعبہ گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) اور گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) کے عملے نے جمعہ کی شام ہنگامی بنیادوں پر نئے ٹاور کی تنصیب کے لئے سامان کی منتقلی اور Dismentaling کا کام شروع کردیا اور ریکارڈ مدت میں نئے ٹاور کی تنصیب اور بجلی کی بحالی کا کام مکمل کر کے 132KV مسافر پور اور ژوب گرڈ اسٹیشنز کو بجلی بحال کردی۔ چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) کیسکو محمد اسلم گنڈاپور نے گرے ہوئے متاثرہ ٹاور کا معائنہ کیا اور اپنی زیر نگرانی صبح چار بجے مکمل مکمل کروالیا انھوں نے کہا کہ صارفین کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر جلد از جلد نئے ٹاور کی تنصیب کا کام یقیناً ایک بڑا چیلنج تھا جسے کیسکو کے اسٹاف نے پورا کیا۔ تاہم اس دوران مسافر پور اور ژوب کے صارفین کو بجلی کی فراہمی میں تعطل پیش آنے پر کیسکو نے معذرت کی ہے۔

شال بقیہ 17

کے استقبال کے موقع پر احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل کیا جارہا ہے۔۔

شال بقیہ 18

نئی رسالپیت کے نام پر قوم کو آپس میں لڑانے کی کوششیں کی گئیں تاہم علماء سے رہنمائی لینے سے مسائل حل ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کا پھیلاؤ روکنے کے لیے علماء نے کورونا ایس او پیز پر عمل درآمد کر کے نمایاں کردار ادا کیا۔ دوسری جانب روح اللہ مدنی نے کہا کہ اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کرنا وقت کی ضرورت ہے جب کہ عابد حسین شاکری کا کہنا تھا کہ اقوام وتنظیم کے ذریعے تمام مسائل کو حل کیا جائے۔

شال بقیہ 19

خیال کیا گیا۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ آئندہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں عوام کی طاقت سے تحریک انصاف حکومت میں آئے گی۔ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں تحریک انصاف کے کارکن پوری طرح متحرک ہوچکے ہیں۔ بڑی تعداد میں دیگر جماعتوں سے بھی کارکنا تحریک انصاف میں شامل ہو رہے ہیں جس سے وزیراعظم عمران خان کے موقف کی تائید ہوتی ہے۔

شال بقیہ 20

ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق بھارتی جاسوس کواڈ کاپٹر ایل او سی کے پانڈو سیکٹر کے 200 میٹر اندر تک گھس آیا تھا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق یہ دسواں بھارتی کواڈ کاپٹر ہے جو رواں سال پاک فوج نے مار گرایا ہے۔

شال بقیہ 21

خارجہ کے مطابق ایف اے ٹی ایف سے متعلقہ 8 اور ٹیب سے متعلق ایک بل اپوزیشن ارکان کے حوالے کر دیا ہے، اپوزیشن اور حکومتی ارکان کی میٹنگ کی صدارت میں کر رہا ہوں، کرپشن فری پاکستان ہم سب کی ضرورت ہے، ہمیں مل کر کرپشن کا خاتمہ کرنا ہے، قانون سازی کیلئے اگر دیر کی گئی تو ہمیں سنگین صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ (آج) پیر کو اپوزیشن سے ہونے والے مذاکرات کے بہتر نتائج سامنے آئیں گے اور ہمیں قانون سازی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ پیر کی شام پانچ بجے میری اپوزیشن سے ملاقات ہوگی اور میں توقع رکھتا ہوں کہ کسی مفاد میں ہم ایک پیج پر ہوں گے، ہم کیونکہ کرپشن فری پاکستان چاہتے ہیں اس لئے ہم کھلے دل کے ساتھ بات چیت کرنے کو تیار ہیں۔۔

شال بقیہ 22

پارٹی رہنما نے 22 جنوری کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کا نوٹیفکیشن شیئر کردیا۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے چھوٹے بھائی کی کراچی کے ضلع سینٹرل میں بطور ڈپٹی کمشنر تعیناتی پر سیاسی مخالفین کی شدید تنقید کے بعد پیپلز پارٹی نے دعویٰ کیا ہے کہ دراصل وفاقی حکومت نے انہیں سندھ منتقل کیا تھا۔ پیپلز پارٹی رہنما نے 22 جنوری کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کا نوٹیفکیشن شیئر کیا جس میں گریڈ 19 میں خیبر پختونخوا کے صوبائی مینجمنٹ سروس کے افسر ضیاالرحمن کی خدمات (ڈیپوٹیشن پر) سندھ حکومت کے سپرد کی گئی ہیں۔

شال بقیہ 23

چکا ہوں کہ ہم نے کسی ادارے سے بھی کوئی قرضہ معاف نہیں کرایا، اربوں روپے کا الزام لگاتے وقت صفروں کا ضرور خیال رکھا جائے، جو کیس عدالت میں ہو اس پر تبصرہ نہیں کرتا، فیصل میر چوہدری موئس الٰہی نے ٹیب کے لگائے گئے الزامات کی وضاحت کردی ہے۔ اپنے بیان میں چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ میں سینئر صحافیوں سے کہوں گا کہ آپ اربوں کے صفر مجھے بتا دیں تاکہ میں اس پر وضاحت کرسکوں، کئی مرتبہ کہہ چکا ہوں کہ ہم نے کسی ادارے سے بھی کوئی قرضہ معاف نہیں کروایا، بغیر ثبوت اس طرح کے الزامات چھپوائے جاتے ہیں جس کا مقصد سیاستدانوں پر بہتان تراشی کر کے ان کو بدنام کرنا ہے۔

شال بقیہ 24

برداشت نہیں، عوامی نیشنل پارٹی نے 1986ء سے لے کر آج 2020ء تک اظہار ہوں ترمیم، صوبوں کی خودمختاری، وسائل پر صوبوں کے حق اختیار، پشتونخوا میں درجنوں جامعات کے قیام، علم وہنر کے فروغ سمیت دیگر اہداف حاصل کئے ہمارے لئے مراعات، عہدوں اور کرسی سے زیادہ اہمیت اپنے کارکنوں اور عوام کا اعتماد اہمیت رکھتا ہے جسے کسی صورت نہیں پہنچا پائیں گے۔

شال بقیہ 25

کا شکار ہیں جبکہ چینی انفراسٹرکچر کے منصوبوں کو ڈھاکا کی جانب سے زیادہ حمایت مل رہی ہے۔ بھارت کی تشویش کے باوجود بنگلہ دیش نے سلہٹ میں ایئرپورٹ ٹرمینل بنانے کا ٹھیکہ ایک چینی کمپنی کو دیا، بھارتی ہائی کمشنر ریوا گنگولی داس چار ماہ سے بنگلہ دیش کے وزیراعظم کے ساتھ ملاقات کے لیے کوشش کررہے ہیں لیکن انہیں ملاقات کا وقت نہیں مل سکا، بنگلہ دیش نے کورونا وائرس کے لیے بھارتی امداد کے جواب میں بھارت کو سراہنے کا نوٹ بھی نہیں ارسال کیا ہے۔

شال بقیہ 26

کے دو دھماکے ہوئے جس کے نتیجے میں تین ایف سی اہلکار نائیک ظفراللہ، نائیک اظہر اقبال اور ابراہیم زخمی ہوگئے بارودی سرنگوں کو کچے راستوں میں چھپایا گیا تھا اور ایف سی اہلکار معمول کے گشت پر تھے زخمی اہلکاروں کو پاراچنار میں طبی امداد دینے کے بعد سی ایم ایچ کل منتقل کردیا گیا فورسز نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی۔

شال بقیہ 27

زہری و دیگر ملازمان ایک مشکوک پروبوکس کار کو مین آری روڈ پے روکا جس میں دو اشخاص سوار تھے ایک کا نام رحمت اللہ دوسرا کریم اللہ بتلائے گاڑی کی تلاشی کرنے پر گاڑی سے 36 کلو چھالیہ 20 کلٹے کہ جو کہ گٹکا بنانے میں استعمال ہوتا ہے اور مضر صحت ہوتا ہے گاڑی کے ساتھ چھالیہ وکٹہ کی مالیت لاکھوں کی ہے جس کی اندرونی سندھ سمگلنگ کو ناکام بنانے کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

شال بقیہ 28

رہنماؤں پر کروڑوں روپے کی کرپشن کے جھوٹے الزامات لگائے لیکن تاحال کچھ ثابت نہیں کرسکی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اپوزیشن رہنماؤں کو پہلے گرفتار اور بعد میں تحقیقات کی جاتی ہیں، حکومتی ارکان کے اسکینڈلز میں نام آنے کے باوجود نہ انکی گرفتاری ہوتی ہے نہ ہی تحقیقات شروع ہوتی ہیں۔ نفیسہ شاہ نے کہا کہ معیشت کی تباہی میں نیب برابر کی شریک ہے۔

شال بقیہ 29

تعداد 9976 ہوگئی جس کے بعد صوبے میں کورونا وائرس کے ایکٹو مریضوں کی تعداد 1489 ہے، صوبے میں کورونا وائرس سے اب تک 136 اموات بھی ہوچکی ہیں جبکہ اتوار کو 639 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 395 کے نتائج آنے باقی ہیں۔

شال بقیہ 30

دس (00:10) بجے بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز بروری روڈ کوئٹہ کے اکیڈمک کونسل ہال میں منعقد ہوگئے۔ دو امیدوار جو پیپلیز ایڈمیشن کمیٹی کے پہلے انٹرویوز کیلئے پیش ہوئے تھے وہ انٹرویوز سے مستثنیٰ ہوگئے۔

شال بقیہ 31

صاحبزادہ ڈاکٹر فرید احمد، ایم ایس سول ہسپتال نوشکی ڈاکٹر ظفر مینگل، پیرا میڈیکل اسٹاف فیڈریشن نوشکی کے صدر میر بہاول خان مینگل، بیسک ایمپلائز یونین کے صدر رازق زہری، ریاض مینگل سمیت دیگر موجود تھے، اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال نوشکی ڈاکٹر ظفر مینگل نے ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن بادل دشتی کو سول ہسپتال نوشکی کے سہولیات اور مسائل کے بارے مکمل بریفنگ دیدی، ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن بادل دشتی نے سول ہسپتال نوشکی کے دورے کے موقع پر اطمینان کا اظہار کیا اور اسٹاف کے کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ہم سب کی ذمہ داری ہے، ایم ایس سول ہسپتال نوشکی ڈاکٹر ظفر مینگل اور ڈی ایچ او نوشکی صاحبزادہ ڈاکٹر فرید احمد ضلع میں صحت کے سہولیات کے لئے بہتر انداز میں کام کررہے ہیں۔

شال بقیہ 32

مہنگائی اور بیروزگاری سے عوام خودکشیاں کرنے پر مجبور ہوچکے ہے، کوئی اپنے جسم پر تیل چڑک کر خود کو جلا رہا ہے کوئی اپنے بچوں سمیت زہر پی کر اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھے حکومت کے دودھ و شہداء کی نہریں بہنے کی بجائے مہنگائی اور بیروزگاری سے زندگیاں ختم کرنے کے خواب دکھائے مہنگائی کے سونامی میں غریب عوام کو بہا لئے گئے اقتدار سے قبل ایک کروڑ نوکریاں، پچاس لاکھ گھریں اور ملک سے باہر لوٹی ہوئی رقم لانے کی دلفریب نعرہ لگانیوالی نے عوام کو لقمہ دینے تک نہیں دیا آٹا چینی اور پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ سیصرف غریب ہی نہیں بلکہ متوسط طبقہ بھی کمر توڑ دی ہے۔

شال بقیہ 33

آباد روڈ ڈاکخانہ روڈ آلہ آباد ٹاؤن دیگر اسٹریٹ میں بارش کا پانی جمع ہوگیا جبکہ جام کالونی بارش گھروں میں داخل ہوگیا سا کران میں بھی باران رحمت خوب بری بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا شہر کے وسط سے گزرنے والی برساتی نالہ میں شدید طغیانی آگئی شہر کے مختلف علاقوں بارش کا پانی جمع ہے اور نکاسی آب کا کوئی موثر نظام نہیں صرف چند مقامات پر حب میونسپل کارپوریشن کے عملہ نکاسی آب کا ڈھونگ رچا کر فوٹوسیشن کی حد محدود رہے اب مختلف مقامات پر بارش کا پانی کھڑا جس شہریوں کو آمد ورفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہے صنعتوں کا مکمل ملا پانی جام یوسف کالونی میں داخل ہوگیا کئی مقامات پر راستے مکمل منقطع ہوکر رہ گئے جام یوسف کالونی میں کیمکل ملا بارش کا پانی مکس ہوکر گھروں میں داخل ہوگیا جبکہ کئی گھر مکمل پانی میں ڈوب گئے شہر میں بارش کے بعد اسسٹنٹ کمشنر حب نے لیویز نفری کے ہمراہ شہر کا وزٹ کیا تاہم میونسپل کارپوریشن حب کے حکام نے شہر کا وزٹ نہیں کیا شہریوں نے شکایت کی ایم سی حب کی مشینری وعملہ فوری مدد کو نہیں پہنچا شہر میں بارش کی پہلی بوند کے ساتھ ہی بجلی غائب ہوگئی مختلف موبائل کمپنیز کے سگنلز بھی غائب ہوگئے حب شہر کے وسط گذرنے والے نالے میں طغیانی کی صورتحال رہی جبکہ دارہندی میں پانی کے ریلے آنے کے سبب جنگی گوٹھ زہری گوٹھ فقیر کالونی سمیت متعدد علاقوں کے مین شاہراہ سے زمینی رابطے منقطع ہوکر رہ گئے بھوانی میں مختلف مقامات پر آبی گذرگاہوں کی بندش کرنے کے سبب علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ڈی جی خان سمعت کی جانب سے آبی گذرگاہ کی بندش کے سبب جرار پیر سمیت کئی گوٹھوں کے رابطے منقطع ہوگئے سا کران میں ایوب ڈھورہ میں بارش کے بعد پانی آنے کے سبب ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی حب شہر میں متعدد علاقے جہاں نکاسی آب کا سسٹم موجود نہیں وہاں کے مکین گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے۔

شال بقیہ 34

میں 20 خاندانوں کے مرکزی چیرمین سلیم اسمٰعیل قوم کے پائند خان سلیم اسمٰعیل نے سینکڑوں ساتھیوں سمیت پاک سرزمین پارٹی میں شمولیت کے موقع پر کہی انہوں نے کہا کہ پارٹی قائدین کی مخلصانہ کوششوں عوام کی آواز اور کارکنوں کے مسائل حل کرنے کا ثمر ہے اور یہی وجہ ہے کہ پارٹی کراچی سمیت پاکستان کے کونے کونے اور سب سے پسماندہ صوبہ بلوچستان کے لورالائی جیسے پسماندہ ضلع میں بھی پارٹی تیزی سے پھیل رہی ہے۔

شال بقیہ 35

کے نور محمد بزنجو اسلم بزنجو کے بہنوئی تھے مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی انکے رہائش گاہ کچلی غریب آباد میں ہوگا۔

شال بقیہ 36

پسنی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ہے انہوں نے کہا کہ سیکرٹری ہیلتھ دوستین جمالدینی نے پچاس بیڈ کے ماہی ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر ڈی ایچ او گوادر ڈاکٹر فاروق ہوت اور اے ڈی ایچ او پسنی ڈاکٹر نزیر احمد نے انہیں بریفنگ دی اور ہسپتال کے مختلف سیکشن کا دورہ بھی کرایا اس موقع پر سیکرٹری ہیلتھ دوستین جمالدینی نے کہا کہ پچاس بیڈ کا ماہی ہسپتال ایک بڑی پروجیکٹ ہے جس میں بہت سے لوگ برسرروزگار ہوگئے جبکہ ہسپتال میں تمام سہولیات مہیا کی جاری ہیں۔

شال بقیہ 37

چیئر

منوڑہ حکومت صحت کے شعبے میں خاطر خواہ اقدامات اٹھا رہی ہے، دوستین جمالدینی

21 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر پچاس بیڈ کے عمانی ہسپتال سے تحصیل پسنی کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا

عمانی گرانٹ کے پیکج ون میں اکیس کروڑ روپے کی لاگت سے ہسپتال تعمیر کیا گیا، سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان

گوادر (آن لائن) سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان دوستین جمالدینی نے کہا ہے کہ 21 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر پچاس بیڈ کے عمانی ہسپتال سے تحصیل پسنی کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا، یہ ایک بڑی ہسپتال ہے جس میں تمام تر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، ایک اسپیشل پیکج کے تحت یہاں ڈاکٹروں کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے گا، انہوں نے کہا کہ عمانی گرانٹ کے پیکج ون میں اکیس کروڑ روپے کی لاگت سے ہسپتال تعمیر کیا گیا جبکہ پیکج ٹو میں 8 کروڑ 45 لاکھ روپے کی لاگت سے اسٹاف ہیل ہاسٹل، فی میل ہاسٹل اور ایم ایس کا بنگلہ زیر تعمیر ہیں انہوں نے بتایا کہ کنسٹرکشن کمپنی نے عمانی گرانٹ کے طبی آلات جس میں فرنیچر، ریفرنیشر اور دیگر ضروری سامان مہیا کر دیئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

گوادر: سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان دوستین جمالدینی کو اے ڈی ایچ پسنی ڈاکٹر نذیر احمد بریفنگ دے رہا ہے

دہشت گرد حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہو سکتے، حاجی ولی نورزئی

بہادر سیکیورٹی فورسز وطن کا دفاع اور دہشت گردوں کا مقابلہ کرنا جانتی ہیں

شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، صدر کوئٹہ سٹی بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے کوئٹہ سٹی کے صدر حاجی ولی نورزئی نے کیچ کے علاقے تربت میں ایف سی اہلکاروں پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی جانب سے اس بزدلانہ حملے میں وطن کے محافظوں نے جام شہادت نوش کیا ہے ہماری تاریخ ایسی لازوال قربانیوں سے بھری پڑی ہے کہ جس میں سیکیورٹی فورسز نے امن و امان کے قیام کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے پوری قوم وطن کے ان شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی دہشت گرد حملوں بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر آصف اشرف جلالی کی گرفتاری کے خلاف تحریک لبیک کے کارکنوں کا احتجاجی مظاہرہ

چاغی (آن لائن) تحریک لبیک یا رسول اللہ کے مرکزی چیئرمین ڈاکٹر آصف اشرف جلالی کی گرفتاری کے خلاف تحریک لبیک کے کارکنوں نے صوبائی امیر مولانا سید بہادر شاہ کی قیادت میں دالبندین پریس کلب کے سامنے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

مشرقی بائی پاس بکر منڈی کو فوری طور پر فعال کیا جائے، رحیم آغا

صوبے کی سب سے بڑی مویشی منڈی کئی روز سے بند ہونے کی وجہ سے بیوپاریوں کا لاکھوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے

بصورت دیگر دو روز بعد گورنر ہاؤس اور وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے باہر احتجاج اور خودسوزی کریں گے، صدر انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ)

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا نے کہا ہے کہ صوبے کی سب سے بڑی مویشی منڈی کئی روز سے بند ہونے کی وجہ سے حالات مزید خراب ہو رہے ہیں مشرقی بائی پاس بکرا منڈی کو فوری طور پر فعال کیا جائے بصورت دیگر دو روز بعد گورنر ہاؤس اور وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے باہر احتجاج اور خودسوزی کریں بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

بیوپاریوں کا لاکھوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے رویے کی وجہ سے حالات مزید خراب ہو رہے ہیں

کوئٹہ: پی ٹی آئی کے صوبائی رہنماء نظر زوران 25 جولائی یوم تشکر کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر گنداوا محمد اعجاز سرور صاحب کا اچانک بازار کا دورہ

جھل مگسی (نمائندہ خصوصی) اے سی کمشنر جھل مگسی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گنداوا محمد اعجاز سرور صاحب نے اچانک بازار کا دورہ کرتے ہوئے شہر میں گران فروشوں منافع خوروں اور مصنوعی مہنگائی میں ملوث عناصر کے خلاف بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

مکران میں گزشتہ شب طوفانی بارشوں نے تباہی مچادی

مکران (نامہ نگار) مکران میں گزشتہ شب طوفانی بارشوں نے تباہی مچادی تحصیلات کے مطابق گزشتہ شب رات گئے مکران کے دیہی علاقہ کمی، ازبولکی، گندگین، سجدی گردونواح میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلہ بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

پاک سرزمین پارٹی کی جانب سے بلوچستان میں جعلی ڈومیسائل اور ملازمتوں کے مبینہ بندر بانٹ کے خلاف ایک احتجاجی ریلی

خضدار (این این آئی) پاک سرزمین پارٹی کی جانب سے بلوچستان میں جعلی ڈومیسائل اور ملازمتوں کے مبینہ بندر بانٹ کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی مظاہرہ کیا گیا، ریلی کے شرکاء نے پاک سرزمین پارٹی ضلع خضدار کے صدر میر عمران خان ساسولی، اور جنرل سیکرٹری میر ریاض احمد باجوئی کی قیادت میں بازار سے خضدار پریس کلب تک مارچ کیا ہاتھوں میں پلے کارڈ اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر جعلی ڈومیسائل کے خلاف نعرے درج تھے۔ ریلی کے شرکاء خود بھی نعرہ بازی کر رہے تھے۔ خضدار بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

صحت مند معاشرہ کیلئے کھیل کا ہونا ضروری ہیں، میر عمران بگٹی

ریاست قلات میں اسپورٹس کی ٹیلینٹ کی کمی نہیں، سیکرٹری اسپورٹس

مکران (نامہ نگار) صحت مند معاشرہ کیلئے کھیل کا ہونا ضروری ہیں، ریاست قلات میں اسپورٹس کی ٹیلینٹ کی کمی نہیں قلات میں اسپورٹس کو فروغ دینے کیلئے ہر ممکن کوشش کروں گا ان خیالات کا اظہار سیکرٹری اسپورٹس بلوچستان میر عمران بگٹی ڈی جی اسپورٹس بلوچستان دراہوچ کا دورہ قلات مکران سیکرٹری اسپورٹس میر عمران بگٹی نے قلات میں خان میر احمد یار خان فٹبال اسٹیڈیم اسپورٹس کمپلیکس ماڈل سکول کے کرکٹ گراؤنڈ اور قلات مکران کے نئے تعمیر ہونے والے اسٹیڈیم کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر سیکرٹری اسپورٹس میر عمران بگٹی نے کہا کہ قلات میرا گھر ہے یہاں کے اسپورٹس مینوں کیلئے جو بھی ہو سکے میں خدمت بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ایک مرتبہ پھر حالات کو ناز یبا و قومی جان بوجھ کر خراب کر رہے ہیں، ثناء اللہ بلوچ

صوبائی حکومت بلوچستان کے لوگوں کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہیں، ضلعی جنرل سیکرٹری بی این پی

دالبندین (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام پارٹی رہنماء سابق پروفیسر عبدالخالق رند، عبدالرشید بلوچ اور ڈاکٹر ہندو تاجر نانک چند کے ٹارگٹ کلنگ کے خلاف پارٹی آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے زبردست نعرے بازی کی اور بلوچستان میں قتل و غارت گری میں ملوث ملزمان کے فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ضلعی جنرل سیکرٹری ثناء اللہ بلوچ و دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ایک مرتبہ پھر حالات کو نازیبا و قومی جان بوجھ کر خراب کر رہے ہیں صوبائی حکومت بلوچستان کے لوگوں کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہیں آئے روز بلوچستان کے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر مشتاق خان کاکڑ کے ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر موسیٰ خان کے سربراہی میں لائیو اسٹاک کا عملہ کانگو وائرس کیخلاف کوئٹہ کے مختلف مال مویشی منڈیوں میں سپرے کر رہے ہیں

قلات کرکٹ ایسوسی ایشن کی طرف سے میر عمران بگٹی کو اظہار تشکر

قلات (آن لائن) قلات کرکٹ ایسوسی ایشن کی طرف سے میر عمران بگٹی کو اظہار تشکر قلات کرکٹ ایسوسی ایشن کے عہدے داران نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں میر بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

بسیمہ شدید آندھی طوفانی ہواں نے اپنی لپیٹ میں لے لیا

بسیمہ شہر میں صبح 11 بجے سے شام 7 بجے بجلی کی سپلائی معطل رہی

بسیمہ (آن لائن) بسیمہ شدید آندھی طوفانی ہواں نے اپنی لپیٹ میں لے لیا گرج چمک کے ساتھ تیز بارش بجلی کی سپلائی معطل تفصیلات کے مطابق بسیمہ کو شدید آندھی نے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور پورا شہر کافی دیر تک گرد آلود طوفانی ہواں کی لپیٹ میں رہا طوفانی ہواں کے بعد بسیمہ اور بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

سب سے بڑی مویشی منڈی کی بندش سے ہزاروں خاندان بے روزگار ہو گئے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

کورونا وائرس کی صورتحال کی وجہ سے گزشتہ چھ ماہ سے مالداروں کی مشکلات میں بھی اضافہ ہوا ہے

بلوچستان میں غلہ بانی کے شعبے سے بڑی تعداد کا روزگار وابستہ ہے، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی سب سے بڑی مویشی منڈی کی ایک ہفتے سے بندش سے نہ صرف بیوپاریوں یا مالداروں کا نقصان ہو رہا ہے خریداروں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے صوبائی حکومت اور میٹروپولیٹن کارپوریشن شرپسند عناصر کے خلاف کاروائی ضرور کرے لیکن چند لوگوں کے عمل کی سزا ہزاروں لوگوں کو نہ دی جائے، یہ بات انہوں بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: پہلا آل کوئٹہ شہید سعید جان بارڈ بال کرکٹ سیریز کے مہمان خاص ڈاکٹر قاسم بلوچ کا کھلاڑیوں کے ہمراہ فوٹو

تحصیلدار بہادر خان کھوسہ کسی تعریف کے محتاج نہیں، میر محمد وارث ابڑو

دیانتداری سے فرائض سرانجام دینے والے آفیسر ہیں اسلئے عوام کے دلوں میں راج کرتے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جامعوت قومی موومنٹ کے مرکزی رہنما میر محمد وارث ابڑو نے کہا ہے کہ تحصیلدار بہادر خان کھوسہ کسی تعریف کے محتاج نہیں دیانتداری سے فرائض سرانجام دینے والے آفیسر ہیں اسلئے عوام کے دلوں میں راج کرتے ہیں نصیر آباد میں زرعی پانی کی شدید قلت پر اپنی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کا کڑ کیسر برای میں تحصیلدار بہادر خان کھوسہ کو ذمہ داری سونپا بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن، علاقے سے منسلک بائی پاس روڈ اور گردونواح میں منشیات فروشی کا کاروبار تھم نہ سکا

نوجوان نسل کی زندگیاں داؤ پر لگی ہیں لیکن انتظامیہ اور پولیس کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی، کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزارہ ٹاؤن، علاقے سے منسلک بائی پاس روڈ اور گردونواح میں منشیات فروشی کا کاروبار تھم نہ سکا۔ منشیات فروشی کے کاروبار میں آئے روز کمی کے بجائے وسائل رہی ہے تھم پہنچنے والا کوئی نہیں۔ نوجوان نسل کی زندگیاں داؤ پر لگی ہیں لیکن انتظامیہ اور پولیس کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ ان خیالات کا اظہار سماجی کارکن اور موومنٹ گروپ بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

میونسپل آفیسر ہرنائی کا مزدور دشمن رویہ تسلیم نہیں کرینگے، بلوچستان لیبر فیڈریشن

میونسپل کمیٹی کا صنعتی امن برقرار رکھنے کیلئے انکی فوری طور پر تبدیلی کا مطالبہ کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین بشیر احمد سیکرٹری جنرل قاسم خان معروف آزاد سیف اللہ ترین ملک وحید کاسی عابد بٹ نورالدین بگٹی منظور احمد عارفانی عزیز شاہوانی ظفر خان رند مچاری فضل محمد عبدالحمید چوہدری نے بیان میں میونسپل کمیٹی ہرنائی کے مزدوروں ملازمین کے جائز مسائل کے حل میں چیف میونسپل آفیسر ہرنائی کی جانب سے جان بوجھ کر روڑے بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں حکومتی احکامات نظر انداز، شادی ہال مالکان نے شادی ہال کھولنے کی تیاریاں شروع کر دیں

محکمہ داخلہ بلوچستان کے نوٹیفکیشن کے مطابق کورونا وائرس کے تدارک کے پیش نظر 30 جولائی تک شادی ہال بند رہیں گے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں حکومتی احکامات نظر انداز، شادی ہال مالکان نے شادی ہال کھولنے کی تیاریاں شروع کر دیں، محکمہ داخلہ بلوچستان کے نوٹیفکیشن کے مطابق کورونا وائرس کے تدارک کے پیش نظر 30 جولائی تک شادی ہال بند رہیں گے۔ کوئٹہ میں صوبائی حکومت کی احکامات کے باوجود شہر میں مالکان نے اپنے شادی ہال کھول کی تیاریاں شروع کر دیں، رہنماء انجمن تاجران اللہ داد ترین کے مطابق شادی ہال مالکان نے عید کے بعد کے لئے بکنگ شروع کر دی ہے، انہوں بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

پشتون قوم کو جن مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے، نوابزادہ عمر فاروق کاسی

کابرین کے نقش قدم پر چلنے اور اتفاق و اتحاد کا مظاہرہ کرنے سے بڑی سے بڑی آزمائش کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے سیاسی و قبائلی رہنماؤں نے کہا ہے کہ اکابرین کے نقش قدم پر چلنے اور اتفاق و اتحاد کا مظاہرہ کرنے سے بڑی سے بڑی آزمائش کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، قبیلہ اور ذات صرف شناخت کے لئے ہیں اجتماعی مسائل کے حل کے لئے آپسی اور گروہی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے پشتون قوم کے سربراہان کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ بات عوامی نیشنل پارٹی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

محکمہ ایری گیشن میں پرموشن میں سینئر مزدوروں کی حق تلفی کی گئی، انور مینگل

پاکستان کینال لیبر یونین بلوچستان ایری گیشن کے مزدور کی تنظیم ہے، ملک نصیر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کینال لیبر یونین بلوچستان ایری گیشن ڈارلنگ ڈائریکٹریٹ زون کے صدر ملک نصیر جنرل سیکرٹری بشیر اچکزئی چیئرمین محمد انور مینگل آفس سیکرٹری فاروق لہری اور دیگر عہدیداروں اور ممبران نے بیان میں سیکرٹری ایری گیشن بلوچستان ڈائریکٹر ڈارلنگ چیف انجینئر اور دیگر اعلیٰ افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ ہمارے دفتر میں سینئر ملازمین اور مزدوروں کو فوری طور پر سنیارٹی لسٹ کے مطابق پرموشن دی جائے۔ آج بھی ایسے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا، تفصیلات کے مطابق اتوار کو کوئٹہ، ژوب، لسبیلہ، زیارت، خضدار، قلات، موسیٰ خیل، بارکھان، کوہلو، ہرنائی، نصیر آباد سمیت دیگر علاقوں میں وقفے وقفے سے ہلکی اور تیز بارش کا سلسلہ جاری بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی اور اسکی حکومت عوام سے عام انتخابات میں کئے گئے وعدے پورے کریگی، نظر زوران

پاکستان کے 22 کروڑ عوام نے 25 جولائی 2018ء کو نئے پاکستان کی بنیاد رکھی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاکستان کے 22 کروڑ عوام نے 25 جولائی 2018ء کو نئے پاکستان کی بنیاد رکھی اور پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان وزیر اعظم بنے پی ٹی آئی اور وفاقی حکومت عوام کو مایوس نہیں کرے گی انشاء اللہ بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

حکومت کی نااہلی کی وجہ سے آج ملک کے تمام ادارے تباہ ہو گئے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

نااہل اور سلیکٹڈ حکومت نے اپنے تمام تر دعوں سے یوٹرن لیتے ہوئے ملک کو بحرانوں سے دوچار کر دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق جمعیت بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر اور بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ اور جمعیت علماء اسلام حلقہ کوئٹہ ٹاؤن یونٹ کے امیر مولانا حافظ محمد یوسف رئیسی سیکرٹری اطلاعات بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

منگچر: محمود گھبرام روڈ پر بارش کا پانی جمع ہے جو سیلاب کا منظر پیش کر رہا ہے

25 جولائی کا دن سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا، حاجی عبدالوکیل کھوسہ

دو سال قبل اسی تاریخ کو انتخابات کے نام پر مداخلت کی گئی اور عوام کے فیصلے کو تبدیل کیا گیا

جیرون (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع صحبت پور کے نائب امیر حاجی عبدالوکیل کھوسہ نے کہا ہے کہ 25 جولائی کا دن سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا، دو سال قبل اسی تاریخ کو انتخابات کے نام پر مداخلت کی گئی اور عوام کے فیصلے کو تبدیل کیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ مدرسہ دارالہدیٰ کریمیہ ایریکشن کالونی میں مختلف وفود اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ جے یو آئی کے صوبائی رہنماء عمر فاروق رند نے مزید کہا کہ 25 جولائی 2018 کو سلیکٹرز نے عوام کی رائے پر ڈاکہ بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

اٹھارویں ترمیم کو ول بیک پالیسی کی سخت انداز میں مخالفت اور مزاحمت کریں گے، جمالدینی

ارباب اختیار ہوش کا ناخن لے قوموں اور صوبوں کو مزید دیوار سے لگانے اور انکے حقوق روگردانی کی پالیسیوں سے گریز کریں

قوموں کے حقیقی حق حکمرانی صوبائی مکمل خودمختاری ساحل وسائل پر اتھارٹی کی حصول ہمارے پارلیمانی سیاسی جمہوری جدوجہد کا اولین ہدف ہے، جنرل سیکرٹری بی این پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے کوئٹہ میں موجود مرکزی کابینہ اراکین سینٹرل کمیٹی اور پارلیمانی اراکین کا ایک اہم مشترکہ اجلاس پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ملک عبدالولی کاکڑ کے زیر صدارت میں منعقد ہوا جس میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی، مرکزی فنانس سیکریٹری و صوبائی پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، مرکزی ویمن رائٹس سیکریٹری موسیٰ بلوچ، مرکزی خواتین سیکریٹری ایم پی اے زینت شاہوانی، مرکزی کمیٹی کے اراکین نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، ساجد ترین ایڈووکیٹ، غلام نبی مری، ایم پی اے و پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: بلوچستان نیشنل پیپلز پارٹی کے صوبائی رابطہ سیکرٹری نثار بلوچ، محمد آصف علی زرداری کی 65 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

میڈم رخسانہ گھمی کے خلاف نام نہاد الزامات اور پروپیگنڈا کو یکسر مسترد کرتے ہیں، میر محمد اسلم خان گھمی

گنداوا (نامہ نگار) جنرل سیکرٹری بلوچستان عوامی پارٹی ضلع جھل مگسی سماجی شخصیت میر محمد اسلم خان گھمی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ وہ میڈم رخسانہ گھمی کے خلاف نام نہاد الزامات اور پروپیگنڈا کو یکسر مسترد کرتے ہیں، موصوفہ کی اعلیٰ کارکردگی کا ثبوت انکو ملنے والی انعامی بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی میں دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ایک شخص زخمی

تمبو (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی میں دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ایک شخص زخمی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی کی حدود صحبت صوبر ہوٹل کے قریب دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ہو گیا جس کے سبب پاکستان آرٹسٹ ویلفیئر بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

طوفانی ہواؤں اور بارش سے متاثرہ 132KV ٹرانسمیشن لائن کے ٹاور کی تنصیب کا کام مکمل

132KV مسافر پور اور ژوب گرڈ اسٹیشنز کو بجلی کی فراہمی بحال، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان کے مطابق جمعہ کے روز شدید طوفانی ہواؤں سے متاثرہ ٹاور کی تنصیب کا کام اتوار کی صبح مکمل کیا گیا جسکے بعد مسافر پور اور ژوب گرڈ اسٹیشنز کو بجلی کی فراہمی بحال کر دی گئی ہے اور اب معمول کے مطابق مسافر پور اور ژوب گرڈ اسٹیشنز کے تمام صارفین کو بجلی کی فراہمی جاری ہے۔ واضح رہے کہ جمعہ کے روز گوال حیدرزئی اور مسافر پور کے درمیان 132KV ٹرانسمیشن لائن کا ایک ٹاور گر گیا تھا جس کے نتیجے میں 132KV مسافر بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

دشمن کے ناپاک ارادے کبھی کامیاب نہیں ہونگے، ڈاکٹر مشتاق احمد عمرانی

تمبو (آن لائن) نصیر آباد کے معروف زمیندار ڈاکٹر مشتاق احمد عمرانی نے تربت میں سکیورٹی فورس کی گاڑی پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی نے ثابت کر دیا ہے کہ ان کا دین ایمان صرف پیسہ ہے دہشت گرد شاید اس بات کو بھول گئے ہیں کہ اس وطن کی مٹی کو ہمارے آباؤ اجداد نے اپنے جانوں کا نذرانہ پیش کر حاصل کیا ہے اور اس کی بنیادوں میں ہمارے بزرگوں اور جوانوں کا خون شامل ہے۔

گڈانی کے قریب مسافر کوسٹر الٹنے سے خواتین و بچوں سمیت 17 افراد زخمی

ساحلی علاقے گڈانی سے واپسی پر بریک فیل ہونے سے مسافر کوسٹر الٹنے خواتین اور بچوں سمیت 17 افراد زخمی ہو گئے

زخمیوں میں غریبن گوس ولد یاریس گوس، دینگل ولد شریف عمر، مہک ولد منیر عمر 19 سال، امیرہ ولد سلام عمر 16 سال و دیگر شامل ہے

لسبیلہ (این این آئی) گڈانی کے قریب مسافر کوسٹر الٹنے سے خواتین و بچوں سمیت 17 افراد زخمی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق اتوار کی شام ساحلی علاقے گڈانی سے واپسی پر بریک فیل ہونے سے مسافر کوسٹر الٹنے خواتین اور بچوں سمیت 17 افراد زخمی ہو گئے جن میں چار شدید زخمیوں کو جام تمام قادر ہسپتال حب میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کر دیا گیا زخمیوں میں غریبن بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

لاہور: پابندی کے باوجود فیملیاں باغ جناح کے پلے لینڈ ایریا میں موجود ہیں

قطب الدین کالونی سے محمد یونس ڈرکھ کی سی ڈی موٹر سائیکل نامعلوم چوری کر کے لے گیا

اوستہ محمد (آن لائن) شہر میں چوریاں موجودہ ایس ایچ او کو ناکام کرنے کی کوشش گزشتہ روز قطب الدین کالونی سے محمد یونس ڈرکھ کی سی ڈی موٹر سائیکل نامعلوم چوری کر گئے پولیس میں ایسے کالی بھیڑیے ہیں جو موجودہ ایس ایچ او کو ناکام کرنے کی کوشش میں ہیں۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نوشکی کے عرائض نویس حاجی کریم داد انتقال کر گئے

نوشکی (آن لائن) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نوشکی کے عرائض نویس حاجی کریم داد انتقال کر گئے مرحوم مولوی یار محمد اور حافظ صدام کے والد اللہ بخش کے بھائی اور ایریکیشن بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام نظریاتی دیوبند کی جماعت ہے مفاد پرستی کی کوئی گنجائش نہیں، مکرمی عبداسلام عمرانی

جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان اور بلوچستان میں کارکنوں کے بدولت دن بدن فعال اور منظم ہو رہے ہیں

مکران (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے سینئر رہنماؤں مکرمی عبداسلام عمرانی فضل اللہ عمرانی حافظ صفی اللہ بلوچ محمد یحییٰ و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان اور بلوچستان میں کارکنوں کے بدولت دن بدن فعال اور منظم ہو رہے ہے جمعیت علماء اسلام نظریاتی دیوبند کی جماعت ہے مفاد پرستی کی کوئی گنجائش نہیں جمعیت نظریاتی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکریٹری سید شاہ اللہ شاہ کی محنتوں کی وجہ سے حاجی خیر محمد زہری قاری مختیار زہری علی اکبر زہری محمد بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

میونسپل کارپوریشن حب کی ناقص کارکردگی باران رحمت شہریوں کے لیے زحمت بن گئی

قومی شاہراہ سمیت شہر کی مختلف سڑکیں اور گلیاں سیلاب کا منظر پیش کرنے لگیں

لسبیلہ (این این آئی) صنعتی شہر حب میں بادل جم کر برسے میونسپل کارپوریشن حب کی ناقص کارکردگی باران رحمت شہریوں کے لیے زحمت بن گئی قومی شاہراہ سمیت شہر کی مختلف سڑکیں اور گلیاں سیلاب کا منظر پیش کرنے لگیں۔ اتوار کے روز بلوچستان کے صنعتی شہر حب سمیت گردونواح اور دشت میں بادل جم کر برسے موسلادار بارش سے حب شہر میں جل تھل ایک ہو گیا حب شہر میں تیز بارش نے میونسپل بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

میر محمد اسلم خان گھمی نے اپنے ضلع جھل مگسی کے لئے گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں، سیاسی و سماجی شخصیات

گنداوا (نامہ نگار) سیاسی و سماجی قبائلی رہنما میر محمد اسلم خان گھمی نے اپنے ضلع جھل مگسی کے لئے گرانقدر خدمات سرانجام دی ہیں اور دے رہے ہیں انہوں نے کبھی کسی کو مایوس نہیں کیا ہے ضلع جھل مگسی کی مختلف سیاسی و سماجی بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

امن کے راستے میں کسی کو دیوار بننے کی اجازت نہیں دینگے، میر احسان الٰہی

دہشتگرد حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہونگے، رہنماء

سیکیورٹی فورسز وطن کا دفاع اور دہشتگردوں کا مقابلہ کرنا بخوبی جانتے ہیں، بیان

واشک (پ ر) سیاسی قبائلی رہنماء چیئرمین نیشنل پارٹی یوتھ فورم میر احسان الٰہی نے ضلع کیچ کے علاقے میں دہشتگردوں کی جانب سے سیکیورٹی فورسز پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی قوتوں کے ایما پر دہشتگرد عناصر سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنا کر اپنی دہشت ظاہر کرنا چاہتے ہیں مگر انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ سیکیورٹی فورسز وطن کا دفاع اور دہشتگردوں کا مقابلہ کرنا بخوبی جانتے ہیں اور تیزی کے ساتھ دہشتگردوں کی بیخ کنی کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایوبان بلوچستان اپنے بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

سکھر میں ہوٹل کے پیچھے ایک نوجوان کی لاش ملی

سکھر (آن لائن) سکھر میں ہوٹل کے پیچھے ایک نوجوان کی لاش ملی

سکھر (آن لائن) سکھر میں ہوٹل کے پیچھے ایک نوجوان کی لاش ملی

سکھر میں ہوٹل کے پیچھے ایک نوجوان کی لاش ملی

سکھر (آن لائن) سکھر میں ہوٹل کے پیچھے ایک نوجوان کی لاش ملی